SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, September 18, 1989

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliment House), Islamabad at five of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ
وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۝٤٣ اَتَاْمُرُو
النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ اَفَ
تَعْقِلُوْنَ ۝٤٤ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى
الْخٰشِعِيْنَ ۝٤٥ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ
اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۝٤٦

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, September 18, 1989

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliment House), Islamabad at five of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ
وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿٤٣﴾ اَتَاْمُرُوْ
النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ اَفَ
تَعْقِلُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى
الْخٰشِعِيْنَ ﴿٤٥﴾ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ
اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿٤٦﴾

ترجمہ: اور حق کو باطل سے نہ ملاؤ اور دیدہ دانستہ حق نہ چھپاؤ۔ اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو۔ اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو۔ کہ نمازوں کو انکے حقوق کی رعایت اور ارکان کی حفاظت کے ساتھ ادا کرو۔ کیا لوگوں کو بھلائی کا حکم دیتے ہو اور اپنی جانوں کو بھولتے ہو حالانکہ تم کتاب پڑھتے ہو۔ تو کیا تمہیں عقل نہیں اور اپنی حاجتوں میں صبر اور نماز سے مدد چاہو کہ صبر مصیبتوں میں اخلاقی مقابلہ ہے انسان عدل اور عزم حق پرستی پر بغیر اس کے قائم نہیں رہ سکتا۔ اور نماز عبادت بدنیہ اور نفسانیہ کی جامع ہے اور اس میں قرب الٰہی حاصل ہوتا ہے اور بے شک نماز ضرور بھاری ہے مگر ان پر جو دل سے میری طرف جھکتے ہیں کہ ان صادقین کے سوا اوروں پر نماز گراں ہے۔ جنہیں یقین ہے کہ انہیں اپنے رب سے ملنا ہے اور اسی طرف پھرنا ہے۔

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔ ڈاکٹر صاحب! آج چونکہ پروگرام کے مطابق غالباً گورنمنٹ بزنس ڈے تھا لیکن پرائیویٹ ممبرز بزنس ڈے ہو گیا اس لیے Questions کو suspend کرنا پڑے گا۔ مہربانی کر کے آپ یہ موشن move کر دیں۔

جناب محمد علی خان: میں move کر دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین: اچھا آپ Move کر دیں۔ جی محمد علی خان صاحب۔

MOTION UNDER RULE 236 ₃

Mr. Muhammad Ali Khan: Mr. Chairman Sir, I beg to move:

> "that under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988 the requirement of Rule 38 of the said Rules regarding asking and answering of questions be suspended for today's sitting."

Mr. Chairman: It has been moved by Mr. Muhammad Ali Khan

"that under Rule 23 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988 the requirement of Rule 38 of the said rules regarding asking and answering of questions be suspended for today's sitting."

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: So, the Question Hour is suspended.

LEAVE OF ABSENCE.

جناب چیئرمین: اب رخصت کی درخواستیں لیتے ہیں۔ خواجہ محمد حمیدالدین صاحب نے اپنی علالت کی بنا پر ایوان سے ۱۷ ستمبر تا ۳۰ ستمبر رخصت کی درخواست کی ہے کیا آپ ان کی رخصت منظور کرتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: قاضی عبداللطیف صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۸ ستمبر کے لیے رخصت کی درخواست کی ہے کیا آپ ان کی رخصت منظور کرتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: محمد محسن صدیقی صاحب آپ کا پوائنٹ آف آرڈر کیا ہے۔

RE: MISREPORTING A SENATOR'S SPEECH IN THE PRESS. : Press.

Point of Order

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui: Mr. Chairman, on 16th Sep., Saturday in the first sitting of this Senate Question No. 4 was put by me relating to checking and eradicating the offences of ransom, kidnapping and other henious crimes. In this connection Sir, an answer was given by the Minister for Interior and I put certain supplementaries. In those supplementaries I specifically suggested that the law and order situation specially concerning these henious crimes as they are being committed persistently in more and more volume they could be dealt with by more serious measures instead of just by the Police and extension of facilities to Police. In this connection Mr. Chairman, you recollect that I specifically referred to Article 245 of the Constitution which authorizes the civil government to call the Army in aid of the Civil administration to perform any specific job. And in that context

[Mr. Muhammad Mohsin Siddique]

there could not be any misunderstanding and the record of this Senate will prove that it was a specific reference to Article 245.

جناب چیئرمین : مسئلہ کیا ہے اب آپ کا؟

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui: But certain reports in the press have painted it in an imaginary uncalled for and unwarranted manner as if I suggested indirectly that Army should be called upon.

Mr. Chairman: So you have been misquoted.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui: Yes, Sir, misquoted.

جناب چیئرمین : کس اخبار نے یہ کیا ہے جی؟

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui: It is "Pakistan Times", from the Parliament House — entitled The half truth -! by Mr. Sadiq Jafri. It says:

"The questioner, Mohsin Siddiqui, had asked about the measures taken to check the incidents of kidnapping for ransom. Apparently, it was a simple and innocent question. But the loaded supplementaries that he came out with later told the real story.

'Why doesn't the government call the Army to maintain order, as the Chief of the Army Staff has offered himself,' was his moot point.

This reminded one of someone who had recently talked about mixing truth with falsehood, ... and selection of 'half truth' to suit one's vested interest who was he by the way. In this case the questioner very conveniently forgot the next half of the COAS's statement that an army action will create more problems as has happened in the past. One could have ignored this omission by taking it as failure of memory if two other colleagues of the questioner Professor Khurshid Ahmed and Qazi Abdul Latif were not sitting there. The former has said in a news statements that we the Pakistanis want to reserve our right to call the army back. The latter has made even a clear cut and direct call to the army to come back and take over the country's administration."

جناب چیرمین : وہ پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے، آپ جو کہہ رہے ہیں کہ آپ نے کیا کہا تھا تصحیح کر دیں تاکہ ریکارڈ درست ہو جائے ۔

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui: Not only that we seek your indulgence and your protection that what we state here the Press should be careful to quote it as it is said and the comments or putting the meanings contrary to what has been said is against the ethics of the Press and I would appeal through you to the gentlemen of Press that they should refrain from making such remarks because they are very fatal. I am one of those who have never in life been associated with any Martial Law regime,. with any army action. Since 1935 my career as a Muslim Leaguer is abundantly known to everybody in this country and outside this country. These reporters I know what are their meaning and what are their aims for maligning me I have never said and your record will prove that I made specific reference that means what I was asking for is a constitutional measure which a civil government is authorized and even my friend the Minister never took it that way as the Press has and this Press, which is controlled by the government, they are trying to malign off and on, season and without season, reason without reason, the Senate and they are trying to belittle our image in the people and a time has come, a situation has arisen when very serious view has to be taken of this otherwise we will not be able to save our honour and we will not be able to face our people. Therefore, I take a very serious exception and through you I call upon that they should tender an unconditional appology for absolutely wrong meaning, wrong story that they have given. They should first refer to the proceedings of this House and if they can show by any stretch of imagination that I ever intended or by innuendo or even by connivance I ever invited Army Chief. I did mention that the Army Chief in his statement said that law and order situation that is a specific question and in his province where every day, every second day, every third day Army is being called and curfew is imposed and the whole area or the whole cities are put under the curfew. and the innocent people suffer. So far as checking of crimes and henious crimes is concerned if the Army is called neither earth is going to move nor heaven is going to fall. It is these people who were showing that they are favouring the government but they are the enemies of the government. They are trying

to misguide government through wrong policy.

Mr. Chairman: I think, you have made your point. Your basic point is that you had asked a question which has been wrongly quoted and the facts have not been correctly reported. I would request the members of the Press to kindly be careful in reporting the proceedings of this House. I would also request the honourable Minister Tariq Rahim, Mr. Javed Jabbar is not here, to kindly ensure that the reporting of the proceedings of this House are carried out with decorum and dignity because I have received several complaints earlier also. So, I would appreciate if you could kindly look into this matter.

Mr. Ahmad Tariq Raheem: Mr. Chairman, I will convey it to the quarters concerned.

Mr. Chairman: Thank you very much, I am grateful to you. جی طارق چوہدری صاحب آپ کچھ کہنا چاہ رہے تھے۔

جناب محمد طارق چوہدری: محترم چیئرمین! میں آپ کی وساطت سے ایک درخواست پیش کرنا چاہتا ہوں ضروری نہیں ہے کہ ہم ہر چیز کو پریولیج موشن، ایڈجرنمنٹ موشن یا قاعدہ ۱۹۴ کے تحت لیں۔ صورت حال یہ ہے کہ اس وقت ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ افغانستان کے ایشو پر ہماری گاڑی موڑ مڑتی نظر آتی ہے۔ انڈیا کے معاملے میں ہم اپنا سابقہ رویہ تھوڑا چینج کر رہے ہیں اور اسی طرح ہم پبلک انٹرسٹ میں کامن ویلتھ سے نکل گئے تھے اور اب پبلک انٹرسٹ میں کامن ویلتھ میں دوبارہ جا رہے ہیں تو یہ ایک بدلتی ہوئی صورت حال ہے جس میں میں آپ کی وساطت سے وزیر خارجہ سے یہ کہنا چاہ رہا ہوں کہ وہ اس موڑ مڑتی ہوئی پالیسی کے بارے میں ہمیں آگاہ کریں بلکہ وہ debate initiate کریں تاکہ ہم اس کا تفصیل سے جائزہ لے سکیں۔ یہ میں آپ کی وساطت سے کہنا چاہ رہا تھا۔

جناب چیئرمین: یہ پوائنٹ آف آرڈر تو نہیں بنتا بہر حال ---- the honourable Foreign Minister is here, I am sure, he has heard your request and if he would like to respond he is at liberty to do so.

سردار صاحب آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں؟

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir, I have raised a point of order.

Mr. Chairman: What is your point of order.

Mr. Ahmedmain Soomro: Sir, in view of the fact that we today suspended the Question Hour, whether that was necessary in view of Rule 22 and 38. Because 22 provides 'that Sunday shall be for private business' and subsequent Rule 38 provides 'that on Sunday there shall be no Question Hour'. It automatically means that because of the Private Members Day there is no Question Hour.

جناب چیرمین: ایک تو قاعدہ ۳۸ کا آپ نے حوالہ دیا ہے دوسرا کون سا ہے!

Mr. Ahmedmain Soomro: The second is 22.

Mr. Chairman: I get your point
جی شیر افگن خان نیازی صاحب آپ کا کیا خیال ہے کہ وقفہ سوالات suspend کرانا ضروری ہے یا نہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: پرائیویٹ ممبرز ڈے جو ہے اس کو ملتوی کر دیا جائے اور اس کی جگہ آفیشل ڈے رکھا جائے تو وقفہ سوالات کا التوا ضروری نہیں تھا، ان رولز کے مطابق بھی ضروری نہیں ہے۔

Mr. Chairman: Tariq Raheem, what do you think?

یہ رول ۲۲ کہتا ہے کہ

"On Sunday Private Members Business shall have precedence and in all other days no business other than government business shall be transacted....."

آگے لکھا ہوا ہے۔

"Provided that if any Sunday is a holiday and no sitting is held on that day, Private Members Business shall have precedence on the next working day."

Khawaja Ahmad Tariq Raheem: But I think Sir, as an abundant precaution the right thing has been done to get suspension because if we read Rule 22, it says:-

[Khawaja Ahmed Tari Raheem]

"On Sunday, Private Members Business shall have precedence and on all other days, no business other than government business shall be transacted except with the consent of the Leader of the House."

Then, there is this priviso and the priviso would say that if any Sunday is a holday....... Now, the question is, would it mean that it is a holiday, the Senate is not sitting on that particular day, I don't think that is the meaning. So, frankly speaking, I think, the right course has been adopted in getting the suspension of rules because this priviso will not derogate from this.

Mr. Chairman: Mr. Soomro, what we will do is that I will not give any ruling on this at this stage. If this matter comes up again we will have an argument and then perhaps I will give my ruling. The honourable Foreign Minister.

Sahabzada Yaqub Khan: Mr. Chairman, may I just make a short statement to the effect that I have heard with great attention the point that has been made by the honourable Senator regarding a possible modification or change in the foreign policy of Pakistan with regard to India and with regard to Afghanistan. Let me first of all state that this perception is not correct. Our policy on both these issues is still anchored in fundamental principles and follows objectives which we have laid out for ourselves. Of course, there are modifications and tactics from time to time which are the essence and form the staple of diplomacy but there is no shift of the kind to which the honourable Senator has referred. Furthermore, there is coming up very shortly today Sir, a substantive resolution on a motion under Rule 194 which should also clarify the outlines of the policy that determine the direction of policy with regard to India and I will be making a short statement on that subject also which would put at rest, I am sure, the apprehensions that the honourable Senator has entertained. This is not to say that we would wish to fine any reason to evade or to avoid the possibility of a debate but as you know the debate on foreign policy requires certain allotment of time and we would need to consult on this and I would be happy to consult with you Mr. Chairman, with regard to the possibilities of dates. In view of the fact that I will be away for the United Nations General Assembly leaving on the 22nd. A debate, if it is to be meaningful, must allow full participation which usually takes in the Senate 2 or 3 days. Whether it should be a

foreign policy debate by Parliament, by joint Houses or each House, these points I would like, if you would permit Mr. Chairman, to discuss with you in your Chamber. Thank you Sir.

Mr. Chairman: Thank you. Mr. Aijaz Jatoi.

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جیسا کہ وزیر خارجہ صاحب نے کہا ہے کہ ان کی افغانستان کے سلسلے میں جو پالیسی ہے وہ continued ہے تو وہ کون سی پالیسی continued ہے۔

جناب چیئرمین: آپ سوال نہ پوچھیں، آپ اپنا پوائنٹ آف آرڈر بتائیں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جناب یہ چیز کہ ابھی raise ہوا ہے ۔۔۔۔۔۔

Mr. Chairman: That is not relevant what you are saying

جناب اعجاز علی خان جتوئی: میرا پوائنٹ آف آرڈر اس وقت یہ ہے کہ میں نے کل حیدرآباد کے سانحے کے بارے میں ایک تحریک التوا پیش کی ہے اس سانحے میں انسانی جانیں ضائع ہوئی ہیں معصوم بے گناہ لوگوں کو قتل کیا گیا اس لئے میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ اسے Out of Turn لے لیا جائے۔

جناب چیئرمین: آپ کی adjournment motion مجھے موصول ہو گئی ہے اس کو ہم نے ابھی examine کرنا ہے اس کی admissibility دیکھنی ہے لیکن حیدرآباد اور کراچی کے بارے میں ایک تحریک التوا پہلے ہی ایڈمٹ ہو چکی ہے اور میرے خیال میں اس سیشن کے دوران بہت جلد اس کو ہم لے لیں گے۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جناب والا! میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ چونکہ وہ زیادہ اہم ہے وہاں پر لوگوں کی جانیں ضائع ہوئی ہیں اس لیے اس تحریک کو آج لے لیا جائے جو پہلے تحریک پیش ہو چکی ہے اس کو اس کے ساتھ ملا لیا جائے۔

جناب چیئرمین: آج پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے میں اس کو دیکھ کر جلدی کر دوں گا کہ وہ جو ایڈمٹ ہوئی ہے اس کو جلدی لے آئیں، I am conscious of this problem

جناب اعجاز علی خان جتوئی: نہیں جناب اس میں یہ ہو گا کہ اگر ایک مہینے کے بعد اس پر

بحث ہوئی تو ۔۔۔۔

جناب چیئرمین : نہیں جلدی ہوگی۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : کب ہوگی۔

Mr. Chairman: You see me in my Chamber, please.

جناب اعجاز علی خان جتوئی : نہیں جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ کل وہاں پر جو زیادتیاں ہوئی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔

Mr. Chairman: You see me in my Chamber Mr Jatoi, please.

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب چیئرمین! میں آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کل وہاں پر بہت زیادتی ہوئی ہے۔

Mr. Chairman: You see me in my Chamber.

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب وہ جو طارق صاحب کی موشن رکھی ہوئی ہے اسی کے ساتھ اس کو بھی ڈسکس کر لیا جائے۔

Mr. Chairman: Please see me in my Chamber. میں نے آپ سے کہہ دیا ہے کہ آپ کی تحریک موصول ہوگئی ہے۔ We will try and bring this matter for discussion as early as possible. But you see me in my Chamber.

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین! میں صاحبزادہ یعقوب خان صاحب کے بیان کے سلسلے میں یہ عرض کروں گا کہ ان کے بقول کوئی پالیسی تبدیل نہیں ہوئی ہم تو صرف یہ چاہتے ہیں کہ ہمارا نقطہ نظر سن لیا جائے اور وہ ۲۲ ستمبر کو جا رہے ہیں اگر یہ بحث اس سے پہلے ہو جائے تو ایوان کی رائے اُن کے سامنے آجائے گی اس لیئے اگر کوئی صورت ایسی بنے کہ ان کے باہر جانے سے پہلے اس پالیسی کے بارے میں ہم اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں تو وہاں اقوام متحدہ میں ان کے لیئے اس ایوان کی ترجمانی کرنے میں زیادہ آسانی ہوگی اور ہمارے خیالات بھی وہاں تک پہنچا سکیں گے اس لیئے اس کے لیئے تاریخ مقرر کر دی جائے۔

جناب چیئرمین: ابھی نہیں ہو سکتی، مولانا صاحب تشریف رکھیں، عباس شاہ صاحب۔

Syed Abbas Shah: Sir, according to the rules and the Constitution, the Prime Minister is the Leader of the House. She has nominated Mr. Iftikhar Hussain Gillani as Leader of the House but in most of the sittings, he is not available. So, I would like your ruling on this thing whether the House without a Leader can run or what will be the situation?

Mr. Chairman: Let us not get into this debate and ask for the ruling but I am sure, the honourable Ministers have noted your point. In the meantime, I will study the implications of your point and we will discuss it at an earlier stage. بجارانی صاحب آپ کا بھی کوئی پوائنٹ آف آرڈر ہے تو فرمائیے۔

Mir Hazar Khan Bijarani: Sir, I have been repeatedly sending a motion under Rule 194, for the last few months. Two sessions have passed but this motion was never taken up in this House. Today, luckily it is on the Orders of the Day and it stands at No.1. So, I would request you to kindly grant us time to discuss this issue. Because the provincial autonomy issue is a very important issue.

جناب چیئرمین: یہ آپ آپس میں ڈسکس کر لیں،

If the members agree, I would have no objection.

Mir Hazar Khan Bijarani: Sir, I have discussed it with most of my friends......

Mr. Chairman: Khawaja Ahmed Tariq Raheem; on a point of order.

Khawaja Ahmad Tariq Raheem: About the absence of the Leader of the House, I may clarify that he is on an important visit to Turkey and he will be back tomorrow. Let me make this thing clear. The other thing is regarding the issue relating to our policy on Afghanistan and India. Now, as the Foreign Minister has stated that he will be out of the country to attend the United Nation's session. There is a substantive resolution under Rule 194 which has been moved by Prof. Khurshid Ahmed. Now, the Foreign Minister is here and it is also here today on the Agenda. Perhaps the House would like to take up that matter at the earlier stage so that they can have the benefit of the views of the Foreign

[Khawaja Ahmed Tariq Raheem]

Minister on this very important issue which has been raised and the Chairman may have a look at this because I think, it will be in the interest of everyone, that they should have the benefit of the presence of the Foreign Minister and his views because, again, he will be out of the country.

Mr. Chairman: My own impression is that this resolution will not take much time because I believe the members and the Foreign Minister have been in consultation with each other. So, this matter should not take much time, and after that, if the honourable Members agree to take up some particular item of business, as far as I am concerned, I would have no objection. So, let the honourable Members consult with each other and, in the meantime, I will dispose of the other business which is before the House.

Khawaja Ahmad Tariq Raheem: Sir, I wanted to point this out through you to the Members.

Mr. Chairman: Thank you. Yes, please Mr. Soomro.

Mr. Ahmedmian Soomro: The matter raised by Mr. Bijarani, I think, is a very important matter.

Mr. Chairman: As I said, you can consult with the Leader of the Opposition and, in the meantime, I will dispose of the other business. If the honourable Members agree, I would have no objection. Yes, please Mr. Foreign Minister.

Sahabzada Yaqub Khan: I merely wanted to draw the attention of the House Mr. Chairman, to the fact that, in last July, you may recollect that, an extensive debate took place primarily on Indo-Pakistan relations under Rule 194 and the substantive resolution which is before us today, which will be moved and this resolution, in fact, is an essence of that debate and lays down the contours of policy in some details which should be followed-the dos' and don'ts almost of relations with India and with this resolution having expressed the sense of the House at the end of the debate that took place in July and the statement that I will make for a very short period should, I think, satisfy the honourable Members with regard to policy at least on India. Thank you, Sir.

Mr. Chairman: Thank you. Mr. Muhammad Ali Khan.

Mr. Muhammad Ali Khan: I personally feel that the last hour given may be motion of Mr. Bijarani, I think ....

Mr. Chairman: As I said, in the meantime, I will take up the other business, consult with each other and whatever the honourable Members agree, I would have no objection.

Mr. Muhammad Ali Khan: Sir, we feel that the last hour may kindly be given ....

Mr. Chairman: Whatever you decide. In the meantime, I will be proceeding with the other business.

Yes, please Akhunzada Behrawar Saeed.

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب والا! میں عرض کروں گا کہ اس پر تو بحث ہو چکی ہے مگر اب حال ہی میں ایک ایگریمنٹ ہماری نوجوانوں کی حکومت نے ہندوستان کے ساتھ sign کرنے کے لیے ڈرافٹ کیا ہے جس میں وولر جھیل پر ہندوستان کو یہ اجازت دی گئی ہے کہ وہ ....

Mr. Chairman: That is not before the House.

Akhunzada Behrawar Saeed: This is in connection with the same matter.

جناب چیرمین: وہ زیادہ specific مسئلہ ہے اس کو علیحدہ کسی طریقے سے جو بھی طریق کار منظور ہوا ہم لیں گے۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جناب والا! وہ حیدرآباد کے سانحے والی تحریک لے لیں وہاں پر انسانی جانیں ضائع ہوئی ہیں۔

Mr. Chairman: Sorry, Mr. Jatoi, I had already rejected your prayer, and I have asked you and requested you to kindly see me in my Chamber. I have also told you that I will try and bring this motion up as soon as possible. So, I would be grateful if you kindly see me in the Chamber.

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جناب وہ بڑی اہم ہے اس کو آج لے لیں۔

جناب چیرمین: میں آج وہ تحریک نہیں لے سکتا۔

You kindly see me and we will try and have it as early as possible. Thank you....

Privilege Motions

Mr. Chairman: Now, we will take up the privilege motion No.2, and 3, by Mr. Muhammad Tariq Chaudhary, Qazi Abdul Latif on the breach of privilege arising out of the issuance of an alleged directive by the government that without prior clearance statement of the President may not be released.

I) RE: DIRECTIVE OF THE GOVERNMENT FOR NOT RELEASING STATEMENT OF THE PRESIDENT WITHOUT PRIOR CLEARANCE.

جناب محمد طارق چوہدری - بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین۔ میں تحریک کرتا ہوں کہ یہ معزز ایوان پارلیمنٹ کی توہین کے ارتکاب اور پارلیمنٹ کے استحقاق کو مجروح کرنے والے اس واقعہ پر فوری غور کرے کہ روزنامہ "مرکز" کی اشاعت مورخہ ۱۸ اگست ۱۹۸۹ کی اطلاع کے مطابق صدر مملکت کے بیانات بھی سنسر ہونا شروع

press release ہو گئے ہیں۔ ۱۶ اگست کو صدارتی سیکرٹریٹ کی طرف سے جاری کیا جانے والا روک لیا گیا حکومت نے اس ماہ کے آغاز میں سرکاری ذرائع کو یہ ہدایت جاری کی تھی کہ وزارت اطلاعات کی کلیرنس کے بغیر صدر کے بیانات جاری نہ کیے جائیں۔ صدر مملکت پارلیمنٹ کا اہم جزو اور اس مملکت کی اعلیٰ ترین شخصیت ہیں ان کی طرف سے جاری کیے جانے والے اعلانات و اطلاعات قومی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ حکومت کی طرف سے انتظامی اختیارات کے زور پر ان کو روک لینا۔ دراصل اختیارات کا غلط استعمال آئینی و قانونی حدود سے تجاوز اور صدر و پارلیمنٹ کی توہین ہے اس انتظامی کارروائی سے نہ صرف میرا بلکہ اس معزز ایوان کا استحقاق مجروح کیا گیا لہٰذا میری اس تحریک کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے جو ضروری تحقیق و تفتیش کے بعد اپنی رپورٹ ایوان میں پیش کرے تاکہ ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے۔

جناب چیئرمین: قاضی لطیف صاحب حاضر نہیں ہیں۔

Mr. Javed Jabbar, is it being opposed?

Mr. Javed Jabbar: Yes, Sir.

Mr. Chairman: مختصر فرمائیں how it is a breach of privilege of the House.

جناب محمد طارق چوہدری : محترم چیئرمین! پہلے تو میں یہ عرض کروں گا کہ صدر کے سٹیٹ منٹ یا پریس نوٹ کو روک لینے کے ، ساتھ ہمارا براہ راست کیا تعلق ہے۔۔۔

Mr. Ahmedmian Soomro: Point of order. Sir, is it merely opposed or denied?

جناب چیئرمین : ان کو موقع دیں گے لیکن مختصراً پہلے یہ بتادیں کہ اس کی ایڈمسبلٹی کیسے بنتی ہے ۔ مختصراً طارق چوہدری صاحب ۔

جناب محمد طارق چوہدری : میں مختصراً آپ کی توجہ آرٹیکل ۴۱(۱) کی طرف دلاؤنگا۔

جناب چیئرمین : اس پر نہ جائیں وہ ساری چیز واضح ہے کہ صدر represents the unity of the Federation.

جناب محمد طارق چوہدری : اس پارلیمنٹ کے ساتھ یعنی ہمارے ساتھ اس کا کیا تعلق ہے۔

Mr. Chairman: He is one of the three – as Mr. Javed Jabbar would put it, he is one of the trichotomy which constitutes the parliament. The three – President, the National Assembly and the Senate today constitute the Parliament of Pakistan.

یہ بات واضح ہے

جناب محمد طارق چوہدری : اچھاجی اس کے دو حصے ہیں پہلا تو یہ کہ صدر ہماری پارلیمنٹ کا حصہ ہے جیسے کہ آپ سب جانتے ہیں اس کی طرف سے جاری کردہ اعلان جو ہے وہ روکا گیا ہے دوسری بات یہ ہے کہ ایک اہم واقعہ رونما ہوا وقوع پذیر ہوا اور اس پر ضروری تھا کہ صحیح صورت حال ہمارے سامنے آتی اور صدر مملکت واقعہ کی وضاحت کرتے اور صدر مملکت نے واقعہ کی وضاحت بھی کردی لیکن اس پریس نوٹ کو روک

[Mr. Muhammad Tariq Choudhary]

لیا گیا اور اس کے روکنے سے جو اصل صورت حال تھی وہ ہم تک نہ پہنچ پائی اس طرح اس breach of privilege کے دو حصے ہو جاتے ہیں اگرچہ کسی خبر کا شائع ہونا یا نہ ہونا یہ اس اعتبار سے breach of privilege نہیں ہے مثلاً میں اس ایوان میں کھڑا ہوں اور میں ایک اطلاع فراہم کرتا ہوں یا میں ایک تقریر کرتا ہوں۔ فرض کریں میں آجکل پاکستان میں ایک اٹھے ہوئے مسئلے کے بارے میں کہتا ہوں کہ محترمہ وزیراعظم صاحبہ سیاچین گئیں ان کے ساتھ غلام سرور چیمہ وزیر خارجہ تھے یا وزیر داخلہ ان کے ہمراہ تھے تو راستے میں ایک واقعہ وقوع پذیر ہوا کرسٹینا لیمب کو کسی نے جوش جوانی میں کچھ کہہ دیا تو اس طرح ایک اطلاع میں یہاں پر دیتا ہوں اب یہ اخبارات اور ٹی۔ وی کی مرضی ہے کہ وہ میری اس خبر کو news value کے اعتبار سے دیکھیں جو ان کا تجربہ ہے اور پبلک کے اندر اس خبر کی خبریت کے اعتبار سے جو اس کی news value ہے اور اس خبر کی اہمیت ہے وہ اس کو شائع کر دیں گے ٹیلی ویژن اور ریڈیو اس کو نشر کر دیں گے لیکن اگر اس میں خبریت نہیں ہے اس کی news value نہیں ہے تو وہ نہیں کریں گے اس سے تو میرا استحقاق مجروح نہیں ہوتا لیکن اگر میں یہاں پر ایک بات کر رہا ہوں اس کی news value بھی ہے اس میں خبریت بھی ہے مگر کسی اتھارٹی کے ذریعے سے کسی طاقت کے ذریعے سے کوئی شخص اس کو پریس میں جانے سے روک لیتا ہے تو پھر یہ میرا breah of privilege بنتا ہے اسی طرح میں کہنا یہ چاہ رہا ہوں وہ پریس نوٹ جو صدر مملکت کی طرف سے جاری ہوا اگر اس کی news value نہیں تھی اور اخبارات اور ٹی وی نے از خود اس کو coverage نہیں دی پھر تو میرا کوئی استحقاق نہیں بنتا لیکن اگر اس کو بزور روکا گیا تو پھر نہ صرف میرا بلکہ اس پارلیمنٹ کا، پاکستان کے پورے عوام کو اندھیرے میں رکھ کر، سب کا breach of privilage کیا گیا ہے میں اس کا مختصر سا پس منظر بھی سامنے رکھتا چلوں۔۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: نہیں بس زیادہ تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں اب وزیر اطلاعات سے پوچھ لیتے ہیں۔ let us see what he has to say about it

جناب محمد طارق چوہدری: بات یہ ہے کہ اگر وہ پریس نوٹ ہی ہمارے سامنے

نہیں آتا جس کے بارے میں پوچھ رہا ہوں۔ - - -

جناب چیئرمین: وہ relevant نہیں ہے آپ کا یہ کہنا ہے کہ صدر صاحب کی جانب سے کوئی press release جاری کی گئی جس کو دانستہ طور پر حکومت نے روکا ہے یہ چیز جو ہے یہ relevant ہے اس کے بارے میں منسٹر صاحب سے پوچھ لیتے ہیں باقی واقعات میں جانے کی ضرورت نہیں ہے۔

جناب محمد طارق چوہدری: محترم چیئرمین! میں وہ پریس نوٹ بھی مختصراً آپ کے سامنے رکھوں گا۔

جناب چیئرمین: میرے نزدیک اہم وہ press release جو صدر کی جانب سے جاری کی جائے وہ بہت اہم ہے تو لہٰذا اس میں جانے کی ضرورت نہیں ہے جو اصل مسئلہ اس وقت ایڈمیسبلٹی کا ہے وہ تو یہ ہے کہ کیا استحقاق مجروح ہوتا ہے اگر کوئی press release صدر کی جانب سے جاری کی جائے صدر پارلیمنٹ کا حصہ ہیں اس میں کوئی شک نہیں ہے اور کیا کوئی دانستہ اس کو روکے اور جس طرح آپ نے فرمایا ہے کہ اخبار میں خبر آئی ہے تو وزیر صاحب سے ایڈمیسبلٹی کے بارے میں پوچھ لیتے ہیں مزید اگر کچھ چاہیئے ہو گا تو پھر میں آپ سے پوچھ لوں گا۔۔۔

جناب محمد طارق چوہدری: آپ اگر حکم دیں گے تو ظاہر ہے میں اس کو یہاں پر ختم کر دوں گا لیکن بغیر وضاحت کے میری بات کی کسی کو سمجھ نہیں آئے گی وہ ہینڈ آؤٹ کیا تھا لوگوں کو کیا پتہ ہے اصل میں اس کے پیچھے سٹوری کیا تھی پس منظر کیا تھا اسی سے تو سارا کیس establish ہوتا ہے بہرحال میں اس کو یہاں پر چھوڑ رہا ہوں۔

Mr. Chairman: Honourable Minister for Information.

Mr. Javed Jabbar: Mr. Chairman, at this stage without urrendering one's right to submit for your consideration rguments questioning whether this constitutes a genuine rivilege motion which, with your kind permission I would ke to return to later, let me first of all emphasize Mr. hairman, that not only the Minister of State himself as a epresentative of the Ministry concerned with the media, ut the Federal Government which is an undivisible whole of hich the President himself is the very Head of State, we

[Mr. Javed Jabbar]

in the Cabinet have the greatest possible respect for his personality and all aspects of the Federal Government reflect this respect. There can be no intention, therefore, of committing any act that brings the office or the person of the President into any disregard.

Secondly, Mr. Chairman, as you are well aware, we are trying to increase freedom of expression in this country and if at all by some chance, I do not refer to this item, if at all by some chance one or two items are not telecast or broadcast by the official media, it does not mean that the person who originated that news is deprived of the right of communicating with the people as a whole because the other press which is not official, other media which are not official are totally free to carry such material.

Thirdly, Mr. Chairman, I will submit that in this particular instance I would like to investigate the accuracy of this charge made that this particular document was received in one or two offices of the Ministry of Information because I am confident that this did not take place. However, I do not wish to make a definitive statement at this stage and if you permit we could return to this at the next sitting of the Senate.

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir, the point at issue is whether there was any direction from the Information Department not to issue. That is the crux of the problem.

(Interruptions)

جناب چیئرمین: جاوید جبار صاحب یہ فرما رہے ہیں کہ He would like to find out کہ ایسی کوئی direction تھی۔

جناب محمد طارق چوہدری: جی مجھے کوئی اعتراض نہیں اگر آپ اسکو defer کرنا چاہیں۔

So, we will defer this and we will take ting.

Adjournment Motions

Now, we take up adjournment motions.

This is adjournment motion No.5, 7 and 14 – Mr. Muhammad Tariq Chaudhary, Syed Faseih Iqbal and Prof. Khurshid Ahmed concerning the arrest of Mr. Zahid Malik, Editor of 'Hurmat' and 'Pakistan Observer'.

I) RE: ARREST OF MR. ZAHID MALIK, EDITOR THE PAKISTAN' OBSERVER AND 'HARMAT'.

جناب محمد طارق چوہدری: شکریہ، جناب چیئرمین! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ عوامی اہمیت کے اس قومی مسئلہ کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے کہ The Pakistan Observer کے ایڈیٹر مسٹر زاہد ملک کو گرفتار کر لیا گیا ہے، اسلام آباد سے چھپنے والے اس روزنامہ کے ایڈیٹر کی گرفتاری آزادیٔ صحافت پر براہ راست حملہ ہے، اس اہم مسئلہ کو فوری طور پہ زیر بحث لایا جائے۔

Mr. Chairman: Thanks Prof. Khurshid Ahmed Sahib are you supporting this motion?

Prof. Khurshid Ahmed: I beg to move that the press today has reported the arrest of Mr. Zahid Malik, Editor 'Hurmat' and 'The Pakistan Observer'. This constitutes an attack on the freedom of press and I beg to move that the normal business of the House be suspended to discuss this event of recent occurrence and national importance.

Mr. Chairman: Yes Faseih Iqbal Sahib.

Syed Faseih Iqbal: I beg to move that the House may discuss a recent matter of urgent public importance emerging out of the arrest of Mr. Zahid Malik by the F.I.A. authorities. The F.I.A. authorities raided the offices of 'the Pakistan Observer' and 'Hurmat' and arrested its Editor and owner Mr. Zahid Malik. This incident has created a great resentment among the general public and in particular the journalists of the country. It is, therefore, prayed that the motion be held in order and admitted for discussion under the rules.

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Opposed, Sir.

Mr. Hasan A. Shaikh: Point of order, Sir. When the concerned Minister himself (Mr. Javed Jabbar) is present and I think he is competent, I repeat he is competent, should you allow somebody else to answer the points?

Mr. Chairman: Well the rules permit any Minister to answer.

Mr. Hasan A. Shaikh: 'Any Minister', but when the concerned Minister himself is present.

Mr. Chairman: As far as I am concerned all Ministers are equally competent. I don't see grades of competence. Yes Mr. Tariq Chaudhary.

جناب محمد طارق چوہدری: جناب چیئرمین! آپ نے equally competent کہہ کر پتہ نہیں کس کس کی competency کو کور کیا ہے۔

جناب چیئرمین: جی، میری نظر میں، میں اپنی نظر کی بات کر رہا ہوں۔

جناب محمد طارق چوہدری: competency کے ساتھ بہرحال ناانصافی تو ہوگی۔ مختصراً جناب والا یہ مسئلہ دراصل ہے کیا؟ جس کے لئے اس تحریک کی ضرورت پیش آئی، میں مختصراً عرض کرتا ہوں زاہد ملک نے اگر فی الواقع کوئی جرم کیا ہے اور اس جرم کے نتیجے میں اس کو گرفتار کر لیا گیا یا سزا دی گئی تو ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن اگر کوئی شخص حکومت کی اندھی جابرانہ طاقت کا نشانہ بنا ہے اور اس طرز عمل سے آئینی حقوق اور جمہوری رویہ کی نفی ہوتی ہے تو پھر یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ ہم اس کو agitate کریں۔ میں زاہد ملک کی گرفتاری کو آزادی صحافت پر حملہ تصور کرتا ہوں اور جب میں یہ کہتا ہوں کہ یہ آزادی صحافت پر حملہ ہے تو اس کی میرے پاس ٹھوس وجوہات ہیں یہ کہنے کے واضح دلائل ہیں کہ یہ آزادی صحافت پر حملہ ہے۔ ہفت روزہ حرمت اور روزنامہ پاکستان آبزرور، یہ دو اخبارات ہیں، زاہد ملک جن کے ایڈیٹر اور مالک ہیں۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ زاہد ملک کو جن الزامات کے تحت گرفتار کیا گیا ہے وہ اس کی گرفتاری کی وجوہات نہیں تھیں، زاہد ملک کے اخبار The Pakitan Observer نے پچھلے دنوں یہ خبر شائع کی کہ پرائم منسٹر ہاؤس کی debugging را (RAW) کے

ذریعے سے کرائی گئی اس میں نے سلام اللہ ٹیپو [illegible] [illegible] یہ خبر دی

کہ سلام اللہ ٹیپو [illegible] کا قائد بنا کر [illegible] لے جایا گیا، میر مرتضیٰ بھٹو [illegible] ان کے

مقدمات کی واپسی، بعد [illegible] کے بارے میں حکومت کے خفیہ عزائم، وولر میراج، روزویلٹ ہوٹل

کی فروخت اور اسی طرح [illegible] کئی ایک دوسرے انکشافات تھے۔ وہ اخبار میں شائع ہوئے اب

اس کے بعد زاہد ملک کو [illegible] کے ذریعے سے یہ پیغام پہنچایا گیا کہ آپ پرائم منسٹر اور اس

کے خاندان کو چھوڑ دیں، باقی جو آپ کا جی چاہے کریں پھر یہ ہے کہ یہ گرفتاری قانونی اور حقیقی نہیں ہے

بلکہ بدنیتی پر مبنی ہے، اس کے لیئے میرے پاس واضح دلیل یہ ہے کہ اس واقعہ سے

چھ مہینے پہلے، زاہد ملک کے زیر ادارت چھپنے والے اخبارات کے اشتہارات بند کر دیئے

گئے، یہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ پہلے سے ہی حکومت کو اس کے بعض اقدامات پر اعتراض

تھا اور وہ کسی بہانے کی تلاش میں تھی۔

دوسری چیز یہ ہے کہ جس طرح اسلامی بم کتاب چھپی ہے اور اس میں بعض باتیں کہی گئی

ہیں، اسی طرح کے بعض دوسرے واقعات پر حکومت کا رد عمل، اسی طرح کا تھا کیا یہی کچھ ہوا اس وقت بھی؟

مثلاً یہ دیکھیئے ......

Mr. Chairman: We adjourn the House for Maghrib prayers and we will meet again at 6.45 p.m.

[The House reassembled after the interval with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair].

[The House adjourned for Maghrib Prayers to meet again at six forty five of the clock].

جناب چیئرمین: جی جناب، طارق چوہدری صاحب، میرا خیال ہے کہ آپ شاید ایڈجرنمنٹ موشن پر بول رہے تھے۔

جناب محمد طارق چوہدری: جناب چیئرمین! میں ذکر کر رہا تھا کہ کیا اسی طرح کے دوسرے واقعات پر حکومت کا رد عمل ایسا ہی شدید تھا، اگر نہیں تو پھر زاہد ملک کو بطور خاص کیوں۔۔ اور جب میں کہتا ہوں کہ یہ آزادئ صحافت پر حملہ تھا، تو اس کے لیئے میرے پاس ٹھوس وجوہ

اور بھارت میں اگر ہم گزشتہ چند دنوں کا مختصر جائزہ لیں تو دیکھتے ہیں کہ تقریباً دس مہینوں ... پی۔ پی۔ آئی کے Subsidy کی گرانٹ ... ہوا ... عبدالرحمان پر گولیاں چلیں، مرکز کا دفتر تباہ کیا گیا، فیصل آباد میں ڈیلی بزنس رپورٹ کے دفتر کو جلایا گیا۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ اس کے متعلق بات کریں ناں۔

جناب محمد طارق چوہدری: میں اسی پر بات کر رہا ہوں اپنے کیس کو establish کر رہا ہوں۔ زاہد ملک کو گرفتار کیا گیا اور ان پابندیوں پر نظر ڈالیئے، آپ دیکھیں گے کہ یہ ایک طرف تو جبر ہے، دوسری طرف پابندیوں کا دائرہ، صدر مملکت تک وسیع کر دیا گیا آج ہی ایک خبر میرے نوٹس میں آئی ہے یہ "India Today" میں شائع ہوئی کہ ہمارا جو بین الاقوامی بارڈر ہے جو ہماری طے شدہ بین الاقوامی سرحد ہے اس پر پاکستان اور انڈیا کا clash ہوا ہے اس کلیش میں ہمارے ایک میجر جنرل اور بہت سے افسر جو ہیں وہ شہید ہوئے ہیں یہ خبر شائع ہوئی ہے اور پھر ان دونوں حکومتوں کا آپس میں یہ معاملہ طے پایا ہے کہ اس کو یہیں پر دبا دیا جائے "India Today" میں تو یہ خبر چھپ گئی ہے نہ پاکستان میں اس کی تردید ہوئی ہے اور نہ یہاں پر ... ہوئی ہے خبروں کے سلسلے میں اس طرح سے میڈیا کو پابند کیا جا رہا ہے۔ جبر کے ذریعے سے بھی اور دوسرے طریقوں سے بھی، لہذا یہ واقعاتی شہادتیں جو میں یہاں پر آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں کہ فی الواقع یہ اتنا اہم ایسی تحریک ہے جس کو فوری طور پر ہمیں زیر بحث لانا چاہیئے تاکہ میڈیا ہی نہیں، آزادئ صحافت کے بارے میں حکومت کے طرز عمل کو ہم کھل کر بیان کر سکیں، زاہد ملک کا واقعہ جس کو خفیہ اور secret چیزوں کے افشا کرنے کا نام دیا گیا، کیا اس سے یہ شدید تر تھا جو کچھ مشاہد حسین کے ہاتھوں ہوا تھا۔ کیا اس سے شدید تر تھا جو مبینہ طور پر وزیر داخلہ جو شہادتیں اور رپورٹیں بھارت کو دے آئے تھے، کیا اس سے یہ شدید تر تھا جو ضیاء الحق کی خفیہ ایجنسیوں میں اور خفیہ اجلاسوں میں ہونے والی تقریریں بھارت کے اخبارات میں شائع ہوئیں کیا یہ اس سے شدید تر تھا جو یہاں کے اخبارات میں پاکستان کا اور اسلامی بلاک کا منصوبہ افشا ہوا، کیا یہ اس سے شدید تر ہے کہ جو حال ہی میں مس کرسٹینا لیمب کا واقعہ ہوا، کہ جس نے ایسی اطلاعات شائع کیں۔ جو ایک وزیر سے اس کو حاصل ہوئیں اس کے بعد اس نے بریگیڈیئر ریاض سے جا کر

اس کی تصدیق چاہی، بریگیڈیئر ریاض کی واضح تردید کے باوجود اکرم شیخ جو آئی بی کے چیف تھے انہوں نے اس کو اجازت دی کہ ہاں وہ خبر اس کو بھیج دے۔ کیا یہ سب کچھ اس سے شدید تر تھا، کیا ان چیزوں کی انکوائری کی گئی ہے کہ اسلامی بم کتاب میں جو کچھ شائع کیا گیا میں نے وہ کتاب پوری پڑھی ہے۔ آپ کی نظر سے بھی گزری ہوگی اس میں کوئی ایسی معلومات نہیں ہیں، جن سے یہ ظاہر کیا جائے کہ یہ پاکستان کے مفاد کے خلاف ہے، اور......

جناب چیئرمین: شکریہ جی۔ میرے خیال میں اس کے متعلق آپ کے کافی دلائل ہو گئے ہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری: جناب چیئرمین! میں اس کو ختم کرنے والا ہوں۔ ایک منٹ دیا۔

جناب چیئرمین: مہربانی۔

جناب محمد طارق چوہدری: اس کتاب کے جن حصوں پر اعتراض کیا گیا ہے بطور خاص اس میں ایک خط کا ذکر ہے جو اس وقت کے سینیٹ کے چیئرمین کو لکھا گیا۔

جناب چیئرمین: مجھے نہیں لکھا گیا۔

جناب محمد طارق چوہدری: اس وقت کے چیئرمین کو لکھا گیا، تو کیا اس خط کی بنیاد پر کسی آدمی کو گرفتار کیا جا سکتا ہے، کیا اس خط کے بارے میں ڈاکٹر منیر سے پوچھا گیا جس نے خط لکھا، یا صدر مملکت سے پوچھا گیا، کیا ان واقعات کے بارے میں کچھ چھان بین کے لئے ڈاکٹر قدیر سے معلومات حاصل کی گئیں۔ جب یہ سب کچھ نہیں ہوا تو پھر یہ بطور خاص زاہد ملک ہی کے بارے میں کیوں! اس لئے میں یہ کہہ رہا ہوں کہ یہ بدنیتی پر مبنی ہے اور اس کو گرفتار کیا جانا recent occurence بھی ہے اور باقی میں آپ کے حکم کی تعمیل کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ پروفیسر صاحب، واقعات پر انہوں نے بات کر دی ہے اب ایڈمسبلٹی پر بات کر لیں That how is this admissible

پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمان الرحیم، میں آپ کے اضطراب کو محسوس کر سکتا ہوں لیکن توقع رکھتا ہوں کہ آپ ہمارے اضطراب کا بھی خیال رکھیں گے۔ زاہد ملک کی گرفتاری محض ایک ایسا واقعہ نہیں ہے کہ ملک کے کسی قانون کے تحت کسی مجرم کو گرفتار کیا گیا ہو۔ اگر ایسا کوئی واقعہ

[Prof. Khurshid Ahmed]

رہنما ہوتا اور یہ نافذ ہوتے ہیں تو ہم اس کا نوٹس نہ لیتے، قانون کا اپنا ایک مزاج ہے اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اپنی اپنی ذمہ داریاں ہیں ان کے تحت اگر وہ کوئی اقدام کریں۔ تو ہمیں اس کا انتظار کرنا چاہیئے۔ جب تک عدالتی معاملات کو طے نہ کر دیں۔ لیکن جناب والا! ہمارے ملک میں ریت پڑ گئی ہے کہ قانون کا سہارا لے کر معصوم انسانوں کو، سیاسی وجوہ کی بنا پر نشانہ ستم بنایا جاتا ہے اس کے لئے ہم نے کریمنل لاء کو استعمال کیا ہے اس کے لیے ہم نے preventive detention کے قانون کو استعمال کیا ہے اور اس کے لیے اب ہم official secret Act کو استعمال کر رہے ہیں ماضی میں اس قسم کی مثالیں جن میں اسطرح اس ایکٹ کو استعمال کیا گیا ہے لیکن اب یہ رجحان بڑھ رہا ہے آپ کو جناب والا! معلوم ہے کہ Official Secret Act کے تحت اس بات کا پورا امکان موجود ہے کہ آپ کسی شخص پر مقدمہ چلائیں۔ اور اس کے بعد اس شخص کو گرفتار کیوں کیا جاتا ہے، گرفتار اس وقت کیا جاتا ہے جہاں کسی کرائم کے ہونے کا امکان ہو اکسی شہادت کو تباہ کرنے کا امکان ہو، یا کسی evidence کو متاثر کرنے کا امکان ہو، اس کو روکنے کے لئے یہ کام کیا جاتا ہے، یہ ہے لیگل فلاسفی، جس سے آپ اور میں واقف ہیں تو سوال یہ ہے کہ Official Secret Act کا استعمال، جس طرح کیا جا رہا ہے دراصل آزادئ صحافت پر ایک حملہ ہے اور یہ وہ بنیاد ہے جس پر ہم یہ موشن آپ کے سامنے اس ایوان میں لائے ہیں وجہ اس کی یہ ہے کہ کتاب شائع ہو گئی ہے اور اسے شائع ہوئے دو ماہ گزر چکے ہیں، سینکڑوں، ہزاروں کی تعداد میں یہ کتاب پھیل چکی ہے میں نے بھی اسے پڑھا ہے بلکہ میں نے اس ایوان میں اس کو quote کیا ہے۔ اس سے میں نے اقتباسات پڑھ کر آپ کو سنائے ہیں اور یہ واحد کتاب نہیں ہے، انگریزی میں ایک اور کتاب اسی عنوان پر "A.Q. Khan and Islamic Bomb" مطبوعہ موجود ہے banned نہیں ہے آج بھی مارکیٹ میں موجود ہے۔ جس وقت اس شخص کو گرفتار کیا جاتا ہے اس وقت یہ کتاب ban نہیں تھی اور میں معلومات حاصل کرنا چاہوں گا کہ کیا آج بھی یہ پورے ملک میں ban ہے یا نہیں۔

اس پس منظر میں آپ ایک صحافی کو گرفتار کرتے ہیں جیسا کہ طارق صاحب نے کہا کہ اسکا بھی ایک پس منظر ہے کہ اس کے اوپر طرح طرح سے پریشر ڈالا جاتا ہے اخبار کے اشتہارات بند کئے جاتے ہیں، اس تمام پس منظر میں اسے ban کیا جاتا ہے اور جناب والا! اب یہ بات

کوئی صیغہ راز میں نہیں ہے زاہد ملک صاحب کے کئی انٹرویو شائع ہو چکے ہیں میں نے بھی ان کو پڑھا ہے میں اُن سے ملا بھی ہوں۔ جس زمانے میں ان کو زیر حراست رکھا گیا اس پر سارا interrogation جو FIA نے کیا ہے وہ یہ کہ پاکستان کا نقطہ نظر کیوں شائع ہو رہا ہے اس کے source of financing کیا ہیں۔ اسے کون سپورٹ کر رہا ہے اصل کتاب اور اصل documents کے بارے میں investigation صرف ہوائے بیت تھا۔ ساری توجہ اس پر مرکوز رہی ہے۔

پھر جناب والا! میں کہتا ہوں کہ فرض کر لیجیے کہ اس میں کوئی law کا violation ہوا ہے تو آپ قانون کے تحت مقدمہ چلائیے اور اگر جج یہ ثابت کر دے کہ ہاں یہ violation ہوا ہے تو سزا دیجیے خواہ کوئی بھی ہو قانون کی نگاہ میں سب برابر ہیں۔ میں مثال پیش کرتا ہوں 'Spy Catcher' کہ انگلستان میں Official Secrets Act کے تحت اس کتاب پر مقدمہ بازی ہوئی۔ کسی کو گرفتار نہیں کیا گیا اور نہ کسی کو گرفتار کرنے کے لیئے وارنٹ جاری کیئے گئے نہ repatriate کرنے کے لئے کوئی مسئلہ اٹھایا گیا اور اس کے بعد جو debate ہوئی اس کے نتیجے میں Official Secrets Act کو change کیا گیا ہے اور اسکو regularize کیا گیا۔ آپ 1921-22 کے قانون کو سہارا بنا کر ایک صحافی کو سزا دیتے ہیں اور اسکے ساتھ ساتھ باقی تمام صحافیوں کی گردن پر ایک تلوار لٹکاتے ہیں۔ یہ ہے وہ چیز جس نے اس مسئلے کی اہمیت کو دو بالا کر دیا۔

جناب والا! یہ تھے substantive points اس کے بعد جہاں تک technical پہلو کا تعلق ہے قاعدہ ۵ے کو آپ لے لیجئے۔ سب سے پہلی چیز یہ ہے کہ urgent public importance کا مسئلہ ہے میرے خیال سے اسکے بارے میں دو آراء نہیں ہو سکتیں کہ Fourth pillar of State کی عصمت کا تحفظ، صحافت کی آزادی کا تحفظ ملک کا تحفظ ہے اور اس حیثیت سے Fourth pillar of State پر کوئی بھی وار پورے ملک پر ایک وار ہے یہ ایک urgent public importance کا مسئلہ ہے دوسری چیز جناب والا ایک definite matter کے متعلق ہے اور یہ ایک definite matter ہے۔

تیسری چیز یہ ہے کہ یہ recent occurrence ہو۔ جیسے ہی واقعہ ہوا ہے ہم نے فوراً اس کا نوٹس لیا اس لیے یہ recent occurence ہے اس کے بعد (d) (e) and (f) سارے

[Prof. Khershid Ahmed]

جنداً آپ دیکھ لیجئے کوئی بھی جزو ایسی نہیں ہے جو اسکے اوپر پوری نہ آتی ہو بجز (ا ا) کے، اور میں آپکی توجہ خصوصیت سے ۵۷ (ی) کی طرف مبذول کراؤں گا جس میں یہ کہا گیا ہے۔

"It shall not relate to a matter pending before any court or other authority performing judicial or quasi judicial functions".

یہ ضرور اسکے اوپر عائد ہوتی ہے لیکن میں آپ کی توجہ ضرور مبذول کراؤں گا اسکے Proviso کی طرف۔ یہ شرط غیر مشروط نہیں۔

"Provided that the Chairman may, in his discretion, allow such matter being raised in the Senate as is concerned with the procedure or subject or stage of inquiry and if he is satisfied that it is not likely to prejudice the consideration of the matter by such court or authority".

دوسرے الفاظ میں اگر سینیٹ کا چیئرمین جو ہے اس کی رائے میں یہ عدالت کے فیصلے کو متاثر کرنے کا ذریعہ بنتا ہو تو پھر وہ مسئلہ جو Subjudice ہے اس پر بحث نہیں ہو سکتی اس لئے میں جناب والا! عرض کروں گا کہ یہ تحریک ان تمام شرائط کو پوری کرتی ہے جن پر ایک ایڈجرنمنٹ موشن آ سکتی ہے اور میں آپ سے درخواست کروں گا کہ اسے آپ admit کر لیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: فصیح اقبال صاحب کافی تفصیل آ گئی ہے۔۔۔۔۔۔۔

سید فصیح اقبال: جناب میں ان سب کی تائید کرتا ہوں۔ بڑی تفصیل سے طارق چوہدری صاحب اور پروفیسر خورشید صاحب نے وضاحت فرمائی ہے لیکن ایک مسئلہ یہ ہے کہ بڑے بھونڈے طریقے سے ایف آئی اے نے ہمارے زاہد ملک صاحب کو پکڑا ہے۔ law of the land نافذ ہے تمام مروجہ قانون موجود ہیں ابھی ابھی P.P.R.O. نیا آیا ہے یہ پہلا ہی وار انہوں نے زاہد ملک صاحب پر test case کے طور پر کیا ہے اور جب دیکھا کہ ملک کے پریس جنرل پبلک کی طرف سے بڑا دباؤ ہے اور اس کتاب کی اشاعت بھی بڑھی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس نے اخبار کو بھی زندہ کیا۔۔۔۔۔۔۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Shaikh Sahib, you are a very senior Parliamentarian, you should always address the Chair.

Mr. Hasan A. Shaikh: Sir, I am addressing the Chair through him.

Mr. Chairman: If you address the Chair, it should be through me.

سید فصیح اقبال: جناب چیئرمین! اگرچہ اس پرچے سے ناراض تھے لیکن میں تو سمجھتا ہوں کہ ایک جمہوری حکومت کے لئے tolerance بہت بڑی چیز ہے اخبارات اس وقت اہم قومی رول ادا کر رہے ہیں اور میں نے اس سے پہلے بھی کہا تھا کہ آپ کے ملک میں اخبارات نے سیاسی آزادی اور جمہوری عمل سے بحال کرنے میں بڑا رول ادا کیا ہے اور جو کچھ بھی اس ملک میں public opinion بنی ہے اخبارات کے ذریعے بنی ہے اور یہ اخبارات ہی کا فورم ہے جس میں آپ کی قومی debates بھی شائع ہو رہی ہیں۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ حکومت جو پریس کی آزادی کی دعویدار ہے اس نے تو الف آئی اے کے ذریعے اس طرح کیا جیسے کوئی ملک دشمنی سرگرمی پکڑی گئی ہو۔ کوئی سنسنی خیز معاملہ ہوا ہو پہلے دن خبر ٹی۔وی پر نہیں دی گئی جب کہ میں دیکھتا ہوں کہ ٹی۔وی کے خبر نامے میں معمولی معمولی کونسلروں کی خبریں بھی دی جاتی ہیں۔ میں یہ افسوس کے ساتھ کہتا ہوں کہ قومی اہمیت کے حامل مسئلے کو دبایا گیا وہ بڑے مشہور صحافی ہیں اسکی خبر کو بھی ٹیلی کاسٹ کرنا چاہیئے تھا کہ الف آئی اے نے اس کو پکڑا اور ۱۵ دنوں تک interrogation کی ان کو راولپنڈی لے گئے ایسا لگتا تھا کہ ملک کے خلاف کوئی بہت بڑی سازش پکڑی گئی ہے گر نکلا کیا؟ حکومت کو اختیار ہے کہ قانون کے تحت کارروائی کرے اور اس طرح سے pressurize نہ کرے جاوید جبار صاحب جن کا میں بہت احترام کرتا ہوں بہت پریشان اور گومگو کے عالم میں تھے۔ ان کا رول تھا کہ اسی دن اس مسئلے کو حل کرواتے۔ مگر انہوں نے خاموشی اختیار کی ان کا فرض تھا کہ صحافیوں کو اعتماد میں لے کر ساری بات بتاتے۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جی جناب ڈاکٹر شیر افگن خاں صاحب۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب چیئرمین! میں مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع

[Dr. Sher Afgan Khan Niazi]

دیا ہے تحریک التواء کے دو تین پہلو ہیں ایک پہلو یہ ہے کہ ہمارے معزز رکن طارق چوہدری صاحب نے فرمایا ہے کہ میرے پاس اس کے کافی ثبوت ہیں بہت ساری باتیں اس ضمن میں انہوں نے بیان فرمائیں میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ قریباً تمام باتیں جو انہوں نے بیان فرمائی ہیں ایسا لگتا ہے کہ وہ اس میں شامل رہے ہیں جیسے ہمارے ہاں محکمہ پولیس کا ایک گواہ ہوتا ہے کہ جہاں کہیں کوئی مسئلہ ہوا وہاں پر اسکو لایا گیا اور اس نے کہا میں موجود تھا یہی اصطلاح اگر میں معذرت کے ساتھ استعمال کروں کہ ہر مسئلے میں اگر محکمے کے گواہ کی ضرورت ہو تو ہمارے یہ معزز رکن موجود ہیں کیونکہ اگر اخبار مرکز پہ یہاں پر حملہ ہوتا ہے تو وہ پیپلز پارٹی کرا رہی ہے۔ اگر کہیں کوئی گڑبڑ ہوتی ہے ۔۔۔۔۔۔

جناب محمد طارق چوہدری: پوائنٹ آف آرڈر جناب! بات یہ ہے کہ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے قصہ یہ ہے کہ یہ سب کچھ اخبارات میں بھی آیا ہے اور انہوں نے اگر اخبار نہیں پڑھا تو اس میں میرا قصور نہیں ہے۔ یہ اخبار پڑھنے کے لئے خاص طور پر ایک پریس سیکرٹری رکھیں جو ان کو بریف کیا کرے۔

جناب چیئرمین: آپ جب بول رہے تھے تو انہوں نے مداخلت نہیں کی۔۔۔۔۔

جناب محمد طارق چوہدری: جناب میں نے ان کا نام بھی نہیں لیا تھا۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: اگر میں مناسب سمجھوں گا تو خود ان کو روک دوں گا جب ضروری ہوگا۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! میر خلیل الرحمان پہ حملہ ہوتا ہے وہ بھی کسی کے ذمہ لگا دیا جاتا ہے اور ان کو یقین ہو جاتا ہے کہ وہ مسئلہ ایسا ہی ہوگا یہ تو ایسے معلوم ہوتا ہے جیسے فلموں میں کہانیاں گھڑی جاتی ہیں اور انہوں نے ایک بھی حقیقت بیان نہیں کی جو اسکو سپورٹ کر سکے اس کا کوئی ایسا جواز بھی انہوں نے پیش نہیں کیا جہاں تک ان کے صحافی ہونے کا تعلق ہے صحافت کے ضمن میں نہ یہ مقدمہ بنا ہے نہ وہ جیل گئے ہیں اور انہوں نے ایک کتاب لکھی ہے اس ضمن میں ایکشن ہوا ہے باقاعدہ مقدمہ رجسٹرڈ ہوا ہے جس سے وہ bail پر باہر تشریف لائے بات یہ ہے کہ وہ فیصلہ بھی عدالت نے کیا ہے اب اس کے کیس کا فیصلہ بھی عدالت نے ہی کرنا ہے جہاں تک پروفیسر صاحب کا تعلق ہے کہ یہ technically admissible ہے تو آپ مجھ سے بہتر سمجھتے ہیں کہ قاعدہ ۷۵ کا کونسا وہ جزو ہے جس کے تحت وہ

ایسا issue ہے کہ جس سے سارے ملک میں اضطراب پیدا ہوگیا ہے کیونکہ اس کے بارے میں یقینی بات ہے کہ ایسا واقعہ جو فوری نوعیت کا ہو، وہ وقوع پذیر ہو جائے اور تمام عوام الناس کو اس سے کوئی خدشہ لاحق ہو جائے یا اُن میں ارتعاش پیدا ہو جائے میرے خیال میں ایک آدمی کے پکڑے جانے کے ضمن میں کہیں مظاہرے نہیں ہوئے کہاں کون سے چاروں صوبوں میں پہاڑ ٹوٹ پڑا ہے کون سی قیامت آگئی ہے جہاں تک آزادی صحافت کی یہ بات کرتے ہیں کہ اس پر ڈاکہ زنی ہوئی ہے آج کل کے اخبار آپ اٹھا کر دیکھیں، ایسی ایسی لغو باتیں آرہی ہیں حقائق کے خلاف ایسی باتیں کی جارہی ہیں مثلاً دو دو کی میں مثال دیتا ہوں اور اس موجودہ حکومت کا اس دودھ سے کوئی تعلق نہیں ہے اتنے اتنے بڑے اشتہار آرہے ہیں کون سے ان کے خلاف اقدامات کیے گئے ہیں کچھ بھی نہیں ہوا یہ صرف لفاظی کے زور پر تمام وہی باتیں دہرا رہے ہیں جب سے میں یہاں حاضر ہوا ہوں ہر روز میں یہی تقریر سنتا ہوں چاہیے کوئی تحریک التوا آئے چاہیے کوئی تحریک استحقاق آئے۔ وہی باتیں وہی چیزیں پروفیسر صاحب نے کہا کہ اضطراب میں ہیں آپ بھی اضطراب میں ہوں گے یہ بھی نامناسب ہے کون سا اضطراب ہے۔ ایک شخص کے خلاف ایک مقدمہ درج ہوا ہے جو بھی جرم بنتا ہے یا اسے allege کیا گیا ہے لیکن مقدمے میں اس کی bail ہوگئی ہے میں آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں کچھ یہاں کی روایات ہیں آپ رولز آف پروسیجر دیکھیں اس میں رول ۷۵- (ایل) جو ہے That is very clear اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ اگر کسی شخص کے خلاف کوئی مقدمہ درج ہو اور درج ہونے کے بعد وہ bail پر آچکا ہے تو اس کا ثبوت مل چکا ہے کہ یہ adjudication کے phase میں ہے یہ court of law میں ہے اس وجہ سے یہ sub-judice ہوگیا ہے اور میں Parliamentary Practice by M.N. Kaul کے صفحہ نمبر ۹۱۱ کا حوالہ دیتا ہوں اور اس میں واضح ہے۔ یہ ۲۰ مارچ ۱۹۵۷ء کو لوک سبھا میں ڈسکشن کے دوران بڑی وضاحت سے یہ بات ہوئی تھی۔ اور اس میں یہ clear-cut لکھا ہوا ہے کہ اگر کوئی بھی ایسا کیس ہو تو وہ sub-judice ہوتا ہے اور اس کو موشن کی شکل میں یہاں زیر بحث نہیں لایا جاسکتا۔

"It is a well established rule that discussion on a matter which is sub-judice is out of order basically".

اور یہ لوک سبھا میں کافی دیر تک discuss ہوا۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب، یہ لوک سبھا کے جو رولز ہیں اس میں یہ proviso ہے جو ہمارے رول 75 میں ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: اس میں بھی ہے اگر آپ دیکھیں گے تو proviso کا یہ قطعاً مطلب نہیں اس میں بھی عرض کرتا ہوں کہ اگر نہیں بھی ہے۔۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب ان سے نہ الجھیں۔ You please address the Chair

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: بات یہ ہے جی proviso بعض اوقات لگا دیتے ہیں بعض اوقات نہیں لگاتے۔ لیکن it is Contemplated ایسی بہت ساری چیزیں ہیں اگر proviso لگا ہوا بھی ہو تو اس میں ایک وجہ ہے کہ freedom of expression جو ہے freedom of speech جو ہے یہ basic privilege ہے ممبرز کا۔ اب اس پر قدغن نہیں لگائی جا سکتی یہ fundamental right بھی ہے تو اس لئے یہ proviso لگایا گیا ہے کہ بعض اوقات اس کی stages ہیں اگر آپ اور سننا چاہیں ۔۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب اس طرح کرتے ہیں آدھ گھنٹہ ہو گیا ہے

We will take it up tomorrow.

Khawaja Ahmed Tariq Raheem: I would also like to state some thing on this proviso. What is the implication of this proviso.

جناب چیئرمین: جی ہاں۔ تو اس طرح کرتے ہیں کہ half an hour time is over.

We will take it up tomorrow or at the next sitting.

جب بھی اگلی نشست ہوگی۔ ٹھیک ہے۔

Now we take up next item. No.2 - Presentation of the Report

جی پروفیسر خورشید صاحب آپ پیش کریں گے؟

Have you been authorized by the Committee?

Motion under Rule 171(1) for condonement of delay

پروفیسر خورشید احمد: جی ہاں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں آپ کی اجازت چاہتا ہوں کہ Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988 کے رول ۱۷۱(۱) کے تحت نفاذ شریعت بل ۱۹۸۵ء پر جو اسپیشل کمیٹی اس ایوان نے بنائی تھی اس کی رپورٹ کے پیش کیے جانے میں جو تاخیر ہوئی ہے اس کے لیے condonement کی درخواست کر دوں۔

Mr. Chairman: It has been moved by Prof. Khurshid Ahmed:

"That under sub-rule (1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, the time for presentation of report of the Special Committee on the Enforcement of Shariah Bill, 1985, be condoned till today."

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The delay stands condoned. Next item No.3 — Prof. Khurshid Ahmed.

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! اب آپ کی اجازت چاہتا ہوں کہ اسپیشل کمیٹی کی یہ رپورٹ ایوان کے سامنے پیش کی جائے اور اس موقع پر میں صرف یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ شریعت بل پچھلے چار سال سے سینیٹ کے زیر غور ہے۔

جناب چیئرمین: آپ رپورٹ present کر دیں آج تقریر نہیں ہو گی۔

پروفیسر خورشید احمد: آپ اجازت دیں ۔۔۔۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آئٹم نمبر ۳ موجود ہے۔ اس کے مطابق you just present the Report.

REPORT OF THE SPECIAL COMMITTEE ON ENFORCEMENT OF SHARIAH BILL, 1985 — LAID.

Prof. Khurshid Ahmed: Mr. Chairman, I present the report of the Special Committee on the Enforcement of Shariah Bill, 1985.

Mr. Chairman: Thank you. The Report stands presented.

Now Prof. Sahib Item 4, I think if you agree we will

Mr. Chairman:
defer that. This is the introduction of a Bill because that may take some argument and some time. We will proceed to the next item which is a Resolution because the Foreign Minister will probably not be here tomorrow.

پروفیسر خورشید احمد: لیکن جناب چیئرمین! قبل اس کے کہ ہم اس پر آئیں کیا یہ مناسب نہیں ہوگا کہ میں کمیٹی کی یہ درخواست بھی آپ کے سامنے رکھ دوں کہ آج بل intorduce کرنے کے بعد اگلے Private Member's Day پر اس پر ڈسکشن شروع ہو جائے اور ترمیم کے لئے جو دو دن درکار ہوتے ہیں وہ آج سے treat کئے جائیں۔

Mr. Chairman: If it is permissible under the rules, I will bring it up on the agenda. I will have to examine the rules on that.

Next is item 3A.

The debate on the Motion under Rule 194 had been concluded and we had deferred this matter for the substantive Resolution.

It is a lengthy Resolution. Have the honourable Members read it.

Prof. Khurshid Ahmed: I think it has to be read out.

Mr. Chairman: Yes please.

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ اس سے پہلے ہم تین دن ہندوستان اور پاکستان کے تعلقات پر بحث کر چکے ہیں اور اس وقت میں نے آپ کی اجازت سے ایک ریزولیوشن پیش کرنے کی پیشکش کی تھی اور ایوان نے اس امر کی اجازت دی تھی کہ باہمی مشورے سے ایک ایسا version آپ کے سامنے پیش کیا جائے جو زیادہ سے زیادہ لوگوں کے لئے قابل قبول ہو۔ ہم نے یہی کوشش کی ہے اور میں آپ کی اجازت سے وہ ریزولیوشن پیش کرتا ہوں

RESOLUTION; RE: RECENT VISIT OF INDIAN PRIME MINISTER WITH REFERENCE TO INDO-PAK RELATIONS.

"The Senate of Pakistan;

regards with concern the disproportionate military build up of India and shares the anxieties of other countries about the effect of this on peace and security in the region and their apprehensions regarding India's hegemonistic designs.

Affirms that peace and tranquility in the region depend on sincere and scrupulous adherence to and observance of the principles and values enshrined in the charter of the United Nations;

Further affirms that the people of Pakistan want to live in peace and friendship with honour, with all the countries of the world in general and with their neighbours including India in particular;

Declares that friendship, cooperation and good neighbourly relations with India can be strengthened and consolidated by preserving our ideological and cultural values, safeguarding our economic interests in view of differing levels of development and by resolving those disputes and problems which have plagued Pak-India relations for the last four decades and have aggravated over the years primarily because of the absence of a more positive attitude from India.

Resolves that lasting peace and sustainable friendship with India can be built only on the following principles.

(a) Acceptance of all countries of the region, irrespective of their size or military strength as equal participants in the region, shunning all signs of hegemonistic attitude and behaviour;

b) Immediate withdrawal of Indian troops from the Siachen Glacier, occupied by India in violation of all norms of international law, including the Simla Accords in which India committed herself to the control line as at 1972.

c) Resolution of the problem of Kashmir, through a plebiscite to be held under UN auspices in accordance with the resolutions of the Security Council and demand of the people of the State of Jammu and

Kashmir for their right to self-determination;

d) Respect for the sovereignty, integrity, independence and ideologies of the countries of the region and their right to decide for themselves what type of security arrangements they require for their defence;

e) Affirmation of the right of these countries to develop all forms of technology to meet their economic, energy and other needs;

f) Respect for the rights of minorities, as Muslim Ummah cannot be insensitive to what happens to the Muslims in India and elsewhere;

g) Non-interference in the domestic affairs of other countries and stopping all overt and covert activities;

Further resolves that:

i) the complex problem of Pak-Indian relations needs to be handled with vision, realism and caution;

ii) while pursuing contact and dialogue with India, we should seek an early solution of fundamental problems;

iii) the Government should pursue with even greater vigour a policy, alongwith negotiations, to mobilize support for the objective and the principled position of Pakistan from the countries of the region and the world by imaginative policies at national and international levels;

iv) Pakistan should continue to express solidarity with the Muslims of Jammu and Kashmir in their struggle for self-determination;

v) the Government should inform and discuss in the two Houses in Parliament important developments in relation to foreign policy.

Assures the Government of all possible cooperation in main-

RESOLUTION; RE: RECENT VISIT OF INDIAN PRIME MINISTER WITH REFERENCE TO INDO-PAK RELATIONS.

taining a foreign-policy in keeping with Islamic ideals and aspirations of the people of the Islamic Republic of Pakistan; safeguarding the sovereignty, integrity and unity of the country and in keeping with its role in the world affairs.

Mr. Chairman: Thank you. So, I think, that is fairly comprehensive, I don't think you need to further expand on it. I will now call upon the Foreign Minister as to what are his response on this matter?

Sahabzada Yaqub Khan: Sir, I am grateful to you for this opportunity to say a few words on a resolution which I have listened to with attention and also read through carefully. While we may have certain observations regarding the choice of words, the form in which the resolution has been framed and the phraseology used in it, we are in accord with its general sense and thrust. I might add that in last July an extensive debate as I mentioned earlier had taken place on this subject on a motion moved by Prof. Khurshid and Senator Akhunzada Behrawar Saeed under Rule 194. On that occasion a large number of honourable Senators expressed their views on bilateral relations with India. The position of the Government in my absence, as I was away at that time, was setforth comprehensively by Mr. Iqbal Akhund and by Senator Javed Jabbar. The debate was also extensively covered in the press. Of course, perhaps in view of all this a substantive resolution may not have been necessary but as it has been moved I will rest content with agreeing, as I said, with its general sense and with reaffirming briefly the position of the Government on this subject.

Mr. Chairman, the Government of Pakistan desires the establishment of good neighbourly tension free relations with India on the basis of sovereign equality and mutual benefit. In our endeavour to seek the settlement of pending disputes we are guided by the accepted norms and principles of inter-state relations. The requirement of regional peace and tranquility make it imperative for Pakistan and India to work towards reducing tensions and to strive for peace and co-operation. Let me assure the honourable Members that in seeking a better relationship with India we are guided by realism and a clear vision of our vital interest and our needs. We will never compromise in principle positions on

such vital issues including Jammu and Kashmir. Thank you Mr. Chairman.

Mr. Chairman: Thank you very much.

Akhunzada Behrawar Saeed: I have one submission, Sir.

Mr Chairman: Yes please.

Akhunzada Behrawar Saeed: May I ask the Foreign Minister to throw some light on the recent proposed agreement about Wuller Barrage particularly waiving Pakistan's rights under Article 3 sub-clause (4).

Mr. Chairman: No, I think, if you bring it up separately because that is a very big subject in itself. If we take it up then all the matter will get confused.

Akhunzada Behrawar Saeed: Alright Sir. If we take it up then all the matter will get confused.

Syed Zafar Ali Shah: Point of order, Sir.

Mr. Chairman: Syed Zafar Ali Shah on a point of order.

(Interruption)

Syed Zafar Ali Shah: With all respect to the feelings of the Members of the House on this issue I simply wanted to point out that may be this issue or any other issue whenever a resolution or anything comes before this House it must conform to the Rules. As far as I see that Rule 75 says that it should be definitely one issue.

Mr. Chairman: Rule?

Syed Zafar Ali Shah: 75, Sir.

جناب چیئرمین: وہ تو ایڈجرنمنٹ موشن کے متعلق ہے رول 75-

Syed Zafar Ali Shah: Well Sir, in any case, if it does not pertain to this particular motion, still within one year this issue has come. What I mean to say is that not only the contents of a resolution but even the debate must follow a particular form. It must follow a spirit, not only a spirit but form as well. So, I simply want to point out to you and

RESOLUTION; RE: RECENT VISIT OF INDIAN PRIME MINISTER WITH REFERENCE TO INDO-PAK RELATIONS.

through you to the House that we must conform to these rules in both these forms.

Mr. Chairman: I am sure you have very weighty reasons in support of what you are saying but because this is a resolution in which a general consensus has been reached, I would not like to go into those details at this stage. May be at a subsequent stage when something comes up we will examine your arguments at length and then I would be in a position to give a ruling.

Mr. Basheer Ahmad Matta: Sir, I will just make a brief submission. As the Foreign Minister has rightly said, Sir, that.....

Mr. Chairman: Normally the statement of the Minister concludes the debate.

Mr. Basheer Ahmad Matta: I don't know what you are driving at, Sir?

Mr. Chairman: What I am driving at is, I want to get through it quickly so that we can move to the next item of the agenda, this is what I am driving at.

Mr. Basheer Ahmad Matta: But Sir, there is a very weighty and substantive resolution before this House and I just want to make one brief observation about it, and that is that we support the promotion of goodwill between the two neighbourly States on the basis of sovereign equality but in this resolution Sir, there are certain words which are framed in a rough way. I think they do not serve the best interest of promotion of peace, amity and goodwill between the two neighbourly countries. Therefore, I have reservations about endorsing the wording of this resolution.

Mr. Chairman: So, now I will put this resolution to vote. The following resolution has been moved by Prof. Khurshid Ahmed as a substantive resolution under Rule 194 that is:

The Senate of Pakistan:

Regards with concern the disproportionate military build

[Mr. Chairman]

up of India and shares the anxieties of other countries about the effect of this on peace and security in the region and their apprehensions regarding India's hegemonistic designs.

Affirms that peace and tranquility in the region depend on sincere and scrupulous adherence to and observance of the principles and values enshrined in the charter of the United Nations;

Further affirms that the people of Pakistan want to live in peace and friendship, with honour, with all the countries of the world in general and with their neighbours including India in particular;

Declares that friendship, cooperation and good neighbourly relations with India can be strengthened and consolidated by preserving our ideological and cultural values, safeguarding our economic interests in view of differing levels of development and by resolving those disputes and problems which have plagued Pak-India relations for the last four decades and have aggravated over the years primarily because of the absence of a more positive attitude from India;

Resolves that lasting peace and sustainable friendship with India can be built only on the following principles:

a) Acceptance of all countries of the region, irrespective of their size or military strength as equal participants in the region, shunning all signs of hegemonistic attitude and behaviour;

b) Immediate withdrawal of Indian troops from the Siachen Glacier, occupied by India in violation of all norms of international law, including the Simla Accords in which India committed herself to the control line as at 1972;

c) Resolution of the problem of Kashmir, through a plebiscite to be held under UN auspices in accordance with the resolutions of the Security Council, and demand of the people of the State of Jammu and Kashmir for their right to self-determination;

d) Respect for the sovereignty, integrity, independence and ideologies of the countries of the region and

RESOLUTION; RE: RECENT VISIT OF INDIAN PRIME MINISTER WITH REFERENCE TO INDO-PAK RELATIONS.

their right to decide for themselves what type of security arrangements they require for their defence;

e) Affirmation of the right of these countries to develop all forms of technology to meet their economic energy and other needs;

f) Respect for the rights of minorities, as Muslim Ummah cannot be insensitive to what happens to the Muslims in India and elsewhere;

g) Non-interference in the domestic affairs of other countries and stopping all overt and covert activities;

Further resolves that:

i) the complex problem of Pak-Indian relations needs to be handled with vision, realism and caution;

ii) while pursuing contact and dialogue with India, we should seek an early solution of fundamental problems;

iii) the government should pursue with even greater vigour a policy, alongwith negotiations, to mobilize support for the objective and the principled position of Pakistan from the countries of the region and the world by imaginative policies at national and international levels;

iv) Pakistan should continue to express solidarity with the Muslims of Jammu and Kashmir in their struggle for self-determination;

v) the government should inform and discuss in the two Houses in Parliament important developments in relation to foreign policy.

Assures the government of all possible cooperation in maintaining a foreign policy in keeping with Islamic ideals and aspirations of the people of the Islamic Republic of

[Mr. Chairman]

Pakistan; safeguarding the sovereignty, itegrity and unity of the country and in keeping with its role in the world affairs.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The resolution stands passed. So, this resolution is adopted. The next item on the agenda — item 4 we have deferred. Now Mr. Bijarani has requested that his matter which is at Item No. 44 may be taken in preference to the other item. Is there any agreement on this?

(It was agreed)

Mr. Chairman: So, that is agreed. Mr. Bijarani would you like to take up your item which is item No. 11. This is regarding the quantum of the provincial autonomy.

Mir Hazar Khan Bijarani: Do I move the motion?

جناب چیئرمین: اسے move کرنے کی ضرورت نہیں۔

I am told. Now you can start your discussion on this. All those who would like to speak on this motion they may kindly give their names to the Secretary. Because I don't think we can conclude the discussion on this today.

DISCUSSION ON MOTION UNDER RULE 194 RE: PROVINICIAL AUTONOMY

میر ہزار خان بجارانی: جناب چیئرمین! میں آپ کا بے حد مشکور ہوں کہ بالآخر اتنے طویل انتظار کے بعد آپ نے اس اہم موضوع پر مجھے اظہار خیال کا موقع دیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ وقت اور حالات کی مناسبت سے اس وقت پاکستان کے جتنے issues موجود ہیں اس میں provincial antonomy سب سے زیادہ اہم ہے بدقسمتی سے پاکستان جب سے معرض وجود میں آیا ہے صوبائی خود مختاری کا مسئلہ ہمیشہ متنازعہ رہا اور کبھی ہم ایسے فارمولے پر متفق نہیں ہو سکے جس سے وفاق کے تمام یونٹ مطمئن ہوں اور وفاق صحیح معنوں میں ایک جمہوری شکل اختیار کر سکے۔

[At this stage the Chairman vacated the Chair which was occupied by the Deputy Chairman (Syed Muhammad Fazal Agha].

میر ہزار خان بجارانی: جب سے پاکستان بنا پاکستان کا آئین فریم کرنے کی بہت سی کوششیں ہوتیں رہیں اور سب سے پہلی کوشش ۱۹۵۶ء میں ہوئی اور اس میں یہ کوشش کی گئی کہ اس میں Provincial autonomy اس طرح رکھی جائے جس سے وفاق کے تمام یونٹ مطمئن ہوں لیکن میں یہ کہوں گا کہ کچھ vested interest یہ نہیں چاہ رہے تھے کہ جو Provincial autonomy ۱۹۴۰ء کے ریزولیوشن میں پاکستان کے وفاق کے یونٹوں کو دینے کا عزم کیا گیا تھا وہ اس وفاق میں عمل میں لائی جا سکے اسی طرح جناب چیئرمین! ۱۹۶۲ء میں ایک اور آئین بنانے کی کوشش کی گئی لیکن اس میں بھی Provincial autonomy جیسے اہم مسئلے کو اس انداز سے حل نہیں کیا گیا جس سے وفاق کے یونٹ مطمئن ہو سکیں۔ ۱۹۷۰ کے الیکشن ہوئے اور اس کے بعد جو ایک سانحہ اس ملک کو پیش آیا اس کے پس منظر میں ۱۹۷۳ میں جو ویسٹ پاکستان اس وقت رہ گیا تھا۔۔۔

(مداخلت)

جناب اعجاز علی خان جتوئی: پوائنٹ آف آرڈر یہ جو آج یہاں پر مسئلہ ہے یہ بڑا important مسئلہ ہے میں ممبرز حضرات سے request کرتا ہوں کہ یہ ذرا غور سے سنیں کیونکہ اسی کی وجہ سے ملک ٹوٹا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی آپ کا پوائنٹ بڑا valid ہے ہاؤس کے اراکین سے گزارش ہے کہ بڑی خاموشی سے اس ڈیبیٹ کو سنیں اور participate کریں جس سے کوئی صحیح result بھی نکل آئے۔

میر ہزار خان بجارانی: جناب والا! ۱۹۷۳ء میں پہلی مرتبہ ایک sincere کوشش کی گئی کہ لوگوں کے وہ جذبات وہ احساسات خصوصاً چھوٹے صوبوں کے لوگوں کے جو وہ صوبائی خودمختاری کے بارے میں رکھتے ہیں۔ ان کو کسی طرح سے اس آئین میں شامل کیا جائے تاکہ اس وفاق کے تمام یونٹ مطمئن ہو سکیں اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ ۱۹۷۳ء کے آئین میں کچھ باتیں ایسی رکھی گئیں جس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ واقعی ملک کے اس وفاق کے چھوٹے یونٹوں کے مفاد میں کچھ اقدامات کئے گئے ہیں سب سے پہلی بات سینیٹ کا وجود ہے اور پہلی مرتبہ یکساں نمائندگی کی بنیاد پر چاروں صوبوں سے ممبران الیکٹ کرنے

[Mir Hazar Khan Bijarani]

کی ایک provision رکھی گئی اور یہ ایوان ہاؤس اس لیے بنایا گیا کہ جو صوبوں کے مسائل ہیں جو صوبوں کی تکالیف ہیں جو صوبوں کی مشکلات ہیں وہ اس ایوان میں discuss کی جائیں اور جو ان کے ساتھ زیادتیاں ہوتی ہیں ان پر کسی قسم کا check ہونا چاہیئے یہ بڑی اچھی بات ہے اسی طرح سے Council of Common Interests کا وجود میں سمجھتا ہوں کہ اس وفاق کے لیے ایک نہایت ہی مفید اقدام تھا National Economic Council کا فریم کرنا یا National Finance Commission کا فریم کرنا یہ ساری چیزیں ایسی ہیں جس سے چھوٹے صوبے مطمئن ہوئے تھے۔ ان کی آواز اب وفاقی سطح تک سنی جائے گی اور ان کے مسائل کا کوئی نہ کوئی حل انصاف کی بنیادوں پر عدل کی بنیادوں پر اس فورم سے نکل آئے گا لیکن میں دوبارہ یہ کہوں گا کہ ہماری بدقسمتی کہ وہ spirit اور وہ جذبہ جس کے تحت یہ ساری provisions ۷۳ کے آئین میں رکھی گئی تھیں اسے قائم نہیں رکھا گیا سینیٹ تو بنا دیا گیا یکساں نمائندگی تو اس میں دی گئی لیکن سینیٹ کو Financial powers نہیں دی گئیں اس کے علاوہ اور بھی بہت سارے فیصلے جس میں سینٹ کا حصہ ہونا چاہیئے اس میں سینیٹ کو پارٹی نہیں بنایا گیا۔ Council of Common Interests کا حشر آج ہم پاکستان میں دیکھ رہے ہیں جب دو صوبے پنجاب اور بلوچستان ایک آبادی کے لحاظ سے اور ایک رقبے کے لحاظ سے اس ملک کے دو بڑے صوبے بار بار یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ کونسل آف کامن انٹرسٹس کی میٹنگ بلائی جائے اور اس میں جو تنازعات صوبوں اور وفاق کے درمیان موجود ہیں انہیں حل کرنے کی کوئی راہ نکالی جائے ساتھ ہی ساتھ سینیٹ کا ایک resolution موجود ہے جو متفقہ طور پر اس ہاؤس میں پاس ہوا ان ساری چیزوں کو بالائے طاق رکھا گیا اور ابھی تک اس پر کوئی عمل نہیں ہوا۔ نہ صرف یہ کہ Council of Common Interests کی میٹنگ نہیں بلائی جاتی بلکہ اس کے ممبران کو بھی نامزد نہیں کیا گیا یہ بڑے افسوس کی بات ہے یعنی وہ باڈی constitute ہی نہیں ہوئی جس کو اس ملک میں ان issues کو discuss کرنے کے لیے مبیٹ کرنا ہے۔

National Finance Commission کا یہ حال ہے کہ ۱۹۷۴ میں جو Commission بنا تھا اور جو ایوارڈ اس وقت اس کمیشن نے دیا تھا آج تک اسی ایوارڈ پر

عمل ہوتا چلا آرہا ہے جب کہ آئین کا تقاضا یہ ہے کہ ہر پانچ برس بعد ایک کمشن مرتب کیا جائے گا اور ۱۹۷۹ اور ۱۹۸۵ میں دو کمشن بنائے بھی گئے لیکن ان دونوں کمشنوں نے کوئی ایوارڈ نہیں دیا جس سے کہ وفاق کے resources صوبوں کے اندر نئے سرے سے تقسیم کرنے کا کوئی طریقہ نکل سکے۔ ۱۹۷۴ اور ۱۹۹۱ میں بہت فرق واقع ہو چکا ہے آج صوبوں کی ضروریات ۱۹۷۴ کی ضروریات سے بہت مختلف ہیں۔ آج کے مسائل ۱۹۷۴ کے مسائل سے مختلف نوعیت کے ہیں۔ میں اس فورم سے آپ کے توسط سے یہ توقع کروں گا کہ حکومت نہ صرف Council of Common Interests کی میٹنگ جلدی بلائے گی بلکہ National Finance Commission جو بن چکا ہے اس کے ایوارڈ کے سلسلے میں بھی کچھ نہ کچھ پیش رفت کرے گی کیونکہ یہی چیزیں ہمارے وفاق کو مضبوط رکھ سکتی ہیں، ہمارے صوبوں کو مطمئن کر سکتی ہیں۔

جناب والا! ۱۹۷۳ کے دستور میں subjects کی ایک لمبی لسٹ دی گئی ہے جو فیڈرل subjects کے پارٹ I میں ۵۹ subjects دیئے گئے ہیں جب کہ پارٹ II میں آٹھ ہیں۔ یہ کل ملا کر ۶۷ subjects فیڈرل گورنمنٹ کے، یعنی جو مرکزی حکومت کے ہیں اس کے purview میں آتے ہیں اور ساتھ ساتھ Concurrent list list جو ہے اس کے subjects کی تعداد ۴۷ ہے اب اگر ان subjects کو ہم دیکھیں تو ۶۷ اور ۴۷ subjects آپ Federal اور Concurrent لسٹ میں دے دیں تو پھر صوبوں کے لیے residuary subjects کیا رہ جاتے ہیں جب کہ پاکستان کے ہر صوبے سے یہ آواز آرہی ہے کہ ان کو مزید اختیارات دیے جائیں ان کو مزید powers دی جائیں، ان کے tax base کو مزید wide کیا جائے ان کے resources میں اضافہ کیا جائے تاکہ وہ اپنے مسائل حل کر سکیں۔ صوبے خود اپنی ترقیاتی سکیموں پر عمل کر سکیں لیکن ابھی تک اس سلسلے میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی ۱۹۷۳ میں جب یہ آئین بنا تھا اس وقت یہ یقین دہانی کرائی گئی تھی کہ دس سال کے اندر یعنی ۱۹۸۳ تک جو Concurrent list ہے وہ residuary list automatically بن جائے گی اور subjects صوبوں کو منتقل ہو جائیں گے بد قسمتی سے بیچ میں مارشل لاء کا دور آگیا، آئین کو معطل

[Mir Hazar Khan Bijarani]

کر دیا گیا لیکن اسی دوران جو سیاسی تحریکیں چلیں جو organisations وجود میں آئیں ان میں جمہوریت کی بحالی کے لئے اور اس وفاق کے مسائل کو حل کرنے کے لئے سب سے اہم رول ایم آر ڈی کا تھا۔ ایم آر ڈی نے اپنے طور پر Provincial Autonomy کے subject پر ایک کمیٹی فارم کی تھی جس کو ملک قاسم نے head کیا تھا اور اس کمیٹی نے اپنی ایک رپورٹ بنائی تھی اور اس رپورٹ کے مطابق صرف چار subjects فیڈرل گورنمنٹ کے حوالے کئے گئے اور باقی تمام اختیارات صوبوں کو منتقل کرنے کا وعدہ کیا اور اس میں یہ بھی کہا گیا کہ ایم آر ڈی مجموعی طور پر یا اس میں سے کسی ایک فریق کو اگر آزادانہ انتخابات کے ذریعہ اقتدار حاصل ہوتا ہے تو وہ پابند رہے گی اس Provincial Autonomy کے چارٹر پر عمل پیرا ہونگی اور آئین میں اس طرح کی ترامیم کی جائیں گی اب چونکہ پیپلز پارٹی اس وقت اقتدار میں ہے۔ تو میں توقع کرتا ہوں کہ اخلاقی طور پر اس وقت کے حالات کے تقاضوں کے مطابق وہ اپنی اس commitment کو پورا کرے اور جو اس وقت صوبوں کی demand ہے صوبوں کی جو آواز ہے، اس کی ترجمانی کرتے ہوئے وہ Provincial Autonomy پر عمل کرے اور صوبوں کو مزید اختیارات دے۔

جناب والا! ستم ظریفی یہ ہے کہ پنجاب جو ہر وقت Provincial Autonomy کی مخالفت کرتا آیا ہے ۱۹۴۷ سے آج تک وہ خود مطالبہ کر رہا ہے کہ ہمیں maximum. Provincial Autonomy دی جائے سرحد بلوچستان اور سندھ تو پہلے سے ہی چیختے چلے آ رہے ہیں۔ پھر کیا وجہ ہے کہ آج Provincial Autonomy نہیں دی جا رہی، کیوں صوبوں کو ان اختیارات سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ اس سلسلے میں جلد کوئی پیش رفت ہوگی اور لوگوں کے جذبات سے مزید نہیں کھیلا جائے گا اور اس ملک اور اس وفاق کی فلاح و بہبود کے ضمن میں Provincial Autonomy کو اولین اہمیت دی جائے گی اور اس پر نیک نیتی سے عمل کیا جائے گا۔

جناب والا! جب میں صوبائی خودمختاری کی بات کرتا ہوں تو اس میں صرف سیاسی خود مختاری کی بات نہیں ہوتی ہے بلکہ میں انتظامی خودمختاری کا بھی ذکر آتا ہے کیونکہ جب تک معاشی طور پر کسی صوبے کو آپ اختیارات نہیں دیں گے اس وقت تک اس کے مسائل

حل ہو نہیں سکتے، اس وقت تک اس کا resource base جو ہے وہ broad نہیں ہو سکتا۔ ہمارے ہاں بدقسمتی ہے، شروع سے صوبوں کو مرکزی حکومت کے تابع رکھا گیا ہے سیاسی طور پر بھی اور معاشی طور پر، Cash Development Loans انہیں دے کر، ان کو مقروض رکھ کر، ان کے بجٹ بنائے جاتے ہیں اور ان کے Development Programmes بنائے جاتے ہیں نتیجہ یہ ہے کہ جب وہ returns دیتے ہیں تو اس کا ۷۰-۸۰ فی صد پیسہ جو صوبے کا ہوتا ہے وہ واپس مرکز کے حوالے ہو جاتا ہے اور ان کے پاس اپنی ترقیاتی سکیموں کے لیئے بہت تھوڑی رقم رہ جاتی ہے میں یہ بھی گزارش کروں گا کہ ۱۹۷۳ کے آئین میں جو economic autonomy دی گئی ہے اس پر سختی سے عمل ہونا چاہیئے، تاکہ اس قسم کی فضا جو آج پاکستان میں پیدا ہو رہی ہے اس کو بہتر کیا جا سکے اور لوگوں کو مطمئن کیا جا سکے۔

جناب والا! صوبوں کے حالات کی تفصیل میں تو میں نہیں جانا چاہوں گا۔ کیونکہ ان کے بے حد مسائل ہیں اور سندھ کا عالم تو سب سے نرالا ہے، سندھ وہ واحد صوبہ ہے جس نے پارٹیشن کے بعد ہندوستان سے آنے والے مہاجرین کو اپنی اس سرزمین پر پناہ دی۔ اور یہ سارا بوجھ سندھ کی سرزمین نے اٹھایا اور آج تک اٹھائے ہوئے ہے۔ اسی طرح ملک کے دوسرے صوبے سے migration کر کے لوگ کراچی حیدر آباد کی طرف رجوع کرتے ہیں کچھ وہاں اپنا روزگار تلاش کرنے کی نیت سے آتے ہیں لہذا میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ روز بروز سندھ کی آبادی میں جو influx ہو رہا ہے اضافہ ہو رہا ہے، وہ اتنا زیادہ ہے کہ اس کو روکنے کا، اس کو توازن میں رکھنے کا، کوئی طریقہ اختیار نہیں کیا گیا۔ ظاہر ہے کہ جب influx بڑھے گا تو آپ کی آبادی بڑھے گی۔ تو آپ کے مسائل میں بھی اضافہ ہو گا اور اگر مسائل میں اضافہ ہو گا تو پھر حشر وہی ہو گا جو آج سندھ کے اندر موجود ہے مسائل بڑھیں گے تو نفرتیں بڑھیں گی نفرتیں بڑھیں گی تو خون خرابہ ہو گا اور آج جو حالات ہم دیکھ رہے ہیں، خون کی ندیاں بہہ رہی ہیں، لوگ ایک دوسرے کو قتل کر رہے ہیں وہی لوگ کل تک بھائی چارے اور امن کی فضا میں رہتے تھے آج ایک دوسرے کی جان کے دشمن بن گئے ہیں ایک دوسرے کے خون کے پیاسے بن گئے ہیں آخر ان مسائل پر کیوں توجہ نہیں دی جا رہی ہے، کیوں ان کو حل کرنے کے لیے کوئی مثبت اقدام نہیں کئے جاتے۔

[Mir Hazar Khan Bijarani]

جناب والا! سندھ وہ صوبہ ہے جو taxes کے لحاظ سے وفاق کو دوسرے صوبے کے مقابلے میں سب سے زیادہ share ادا کرتا ہے لیکن بدقسمتی سے صوبوں کو وفاقی حکومت کی طرف سے جو returns دیے جاتے ہیں ان میں سب سے کم اگر حصہ ملتا ہے تو سندھ کو ملتا ہے۔ آخر یہ ناانصافی کیوں؟ ان مسائل پر توجہ دینی چاہئے، یہ ایسی باتیں ہیں، کہ اگر ان کو حل نہ کیا گیا تو میں سمجھتا ہوں کہ ملک کے بڑے خطرناک اور بھیانک نتائج نکل سکتے ہیں حکومت کو اس بات کا احساس ہونا چاہیئے کہ اگر انہوں نے بروقت اقدامات نہ کئے ۔۔۔ اب بھی میں سمجھتا ہوں کہ وقت ہاتھ سے نہیں نکلا اب بھی اگر حقائق پر مبنی عدل کی بنیادوں پر سندھ کے لوگوں کے ساتھ انصاف کیا جائے اور جس کا جو حق بنتا ہے وہ دیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ حالات سدھر سکتے ہیں اور سندھ کی موجودہ صورت حال میں بہتری آسکتی ہے لیکن بات نیت کی ہے کہ نیک نیتی سے اس پر عمل کیا جاتا ہے یا نہیں ۔

جناب والا! اس کا بھی ایک پس منظر ہے اب نوکریوں کی آپ پوزیشن دیکھیں جتنے وفاقی ادارے ہیں جو خود مختار نیم خود مختار ادارے ہیں وفاقی وزارتیں ہیں ان میں سندھ کو اپنا due share نہیں دیا جاتا اور اسی طرح بلوچستان اور فرنٹیئر کو جتنے چھوٹے صوبے ہیں انکو اپنا due share کوٹہ کے مطابق نہیں دیا جا رہا۔ پی۔ آئی۔ اے واپڈا، رائس کارپوریشن، ٹریڈنگ کارپوریشن، سٹیل مل، پورٹ قاسم۔ کے۔پی۔ٹی وغیرہ ان سب اداروں میں دیکھ لیں لوگوں کی نوکریاں دیکھ لیں ان میں حکومت کا مقررہ کردہ ایک کوٹہ ہے اس پر عملدرآمد آپ نہیں کریں گے اور لوگوں کو اپنا حق نہیں دیں گے تو ظاہر ہے اسکا reation ہوگا۔ اور لوگ اس کے خلاف بغاوت کریں گے اور آوازیں اٹھائیں گے۔ آج پاکستان میں بے روزگاری ایک بہت بڑا مسئلہ بنا ہوا ہے اور خاص طور سے سندھ کے اندر۔

بے روزگار نوجوان دربدر بھٹک رہے ہیں کسی کو چپڑاسی کی نوکری نہیں ملتی۔ کوئی اسسٹنٹ اور کلرک کی نوکری کے لیے دردر کے دھکے کھاتا ہے اس کو وہ نہیں ملتی۔ آخر وہ کہاں جائیں۔ پڑھے لکھے جوان اگر ڈگریاں لیکر دربدر دھکے کھائیں گے تو ظاہر ہے انکی frustration میں اضافہ ہوگا۔ پھر یہی لوگ وہاں کے ڈاکو بنیں گے اس لیئے میں ہمدردانہ غور کرنے کی استدعا کروں گا اور انکی بے روزگاری دور کرنے کے لیئے کوئی منصوبہ بندی کی جائے ان کے لیئے مواقع پیدا کئے جائیں Jobs create کئے جائیں اور وہ jobs میرٹ پر دیے جانے چاہئیں۔

پاکستان پر سب کا حق بنتا ہے چاروں صوبوں کے لوگ پاکستان کے رہنے والے ہیں۔ ان سب کا حق بنتا ہے یہ کیا مذاق ہے کہ اگر پیپلز پارٹی سے کسی کا تعلق ہے تو اس کو نوکری ملے گی اگر پیپلز پارٹی سے اسکا تعلق نہیں ہے تو اس کو نوکری نہیں ملتی میرٹ کی بات ہونی چاہیئے جو پاکستانی ہے جس نے تعلیم حاصل کی ہے۔ اسکو نوکری کرنے کا حق ہے اور اس کا یہ حق کسی کو چھیننے کا اختیار نہیں ہونا چاہیئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو کچھ نہ کچھ اس پر بھی نظر ثانی کرنی چاہیئے۔

جناب والا! encroachment کا جہاں تک تعلق ہے صوبوں کے اختیارات میں دن بدن encrochment بڑھتا جا رہا ہے پیپلز ورکس پروگرام کو ہی دیکھ لیجئے نلکے لگانا، سکول بنانا، چھوٹی چھوٹی سڑکیں بنانا، یہ کہاں وفاقی حکومت کا کام بنتا ہے یہ صوبوں کے اختیارات ہیں آپ انکے حوالے کریں جہاں کسی صوبے میں کام نہیں کرتے دیا جاتا تو وہاں سائیکلیں، مشینیں اور کھاد کی بوریاں تقسیم کی جاتی ہیں یہ تو waste کرنے والی بات ہے وہی sources جو taxes کے ذریعے پاکستان کا ہر شہری وفاق کے حوالے کرتا ہے آپ اگر اسکو اس طرح سے ضائع کریں گے تو میں کہوں گا کہ یہ criminal waste ہے آپ ملک کی ترقی کے لیئے منصوبے بنائیں ٹھیک ہے اگر آپ کی پارٹی کی حکومت دو صوبوں میں نہیں ہے تو وہاں کے لوگوں نے اُن کو چنا ہے انکا حق بنتا ہے آپ اس جمہوری حق سے کیوں انحراف کر رہے ہیں اور یہ کرسیاں جناب والا! ہمیشہ کے لیے نہیں ہوتیں آج آپ اقتدار میں ہیں کل آپ اقتدار سے دور ہو جائیں گے تاریخ سے آپ سبق سیکھیں لیکن اس وقت اگر آپ کوئی اچھا فیصلہ کریں گے اس وقت اگر آپ عدل و انصاف پر مبنی کوئی فیصلے کر جائیں گے تو انکا دور رس اثر ہوگا اُن کے نتائج آپ کے حق میں بھی نکلیں گے اس وفاق کے حق میں بھی نکلیں گے ہمیں ملک کے بارے میں سوچنا چاہیئے اولیت ہمیں وفاق کے معاملات کو دینی چاہیئے صوبوں کے معاملات کو ہمیں اولیت دینی چاہیئے ہمیں اداروں کو مضبوط کرنا چاہیئے۔ شخصیتیں آتی جاتی ہیں پارٹیاں آتی جاتی ہیں اقتدار کبھی ایک کے پاس، تو کبھی دوسرے کے پاس ہوتا ہے یہ ہمیشہ کسی کے پاس نہیں رہا اس لیے مثبت سوچ سے پالیسیاں بنائی جائیں اور تمام لوگوں کے ساتھ انصاف کیا جائے آپ کی کوئی بھی پارٹی ہو جب elect ہو کر آپ مسند اقتدار پر بیٹھتے ہیں تو اس وقت آپ پاکستان کی نمائندگی کرتے ہیں۔

[Mir Hazar Khan Bijarani]

جناب والا! آپ کسی خاص پارٹی کی نمائندگی نہیں کرتے آپ کو ان چیزوں سے بالاتر ہو کر سوچنا چاہیئے آپ کا vision بڑا brod ہونا چاہیئے۔ جب تک انتخاب نہیں ہو جاتا اس وقت تک تو اپنی پارٹی کی بات ہوتی ہے ٹھیک ہے سیاسی پارٹیاں مخالفت کرتی ہیں مقابلہ کرتی ہیں لیکن الیکشن کے بعد آپ نے جمہوری set up کو چلانا ہے آپ نے ان اداروں کو بھی چلانا ہے۔ وہاں حزب اقتدار اور حزب اختلاف بھی ہونگی اور اسکا یہ مطلب نہیں کہ جو حزب اختلاف میں بیٹھے ہیں وہ ملک کے دشمن ہیں یہ کبھی نہیں ہوا اس ملک میں، جب بھی اپوزیشن بیٹھی ہے ملک کی مخالفت میں نہیں بیٹھی بلکہ وہ بطور ایک check کے، حکومت وقت کو صحیح راہ پر چلانے کے لیے اسے guide کرتی ہے وہ اس پر تنقید کرتی ہے تو اس تنقید کو خدارا دشمنی اور مخالفت نہ سمجھا جائے یہ تعمیری قسم کی تنقید ہوتی ہے اس سے سبق سیکھنا چاہیئے اور اسی کی روشنی میں اپنی پالیسیاں بنانی چاہئیں۔ اور power کو share کر کے آگے چلنا چاہیئے کیونکہ جب تک power share نہیں ہو گی تب تک آپ اس ملک میں peaceful conditions create نہیں کر سکتے اور جب یہ create نہیں ہوں تو آپ کے ہاں نہ industrialization ہو گی نہ کوئی اس طرح کی development ہو گی جس سے لوگوں کے روزگار کے لئے مواقع پیدا ہو سکیں۔ آخر لوگوں کو آپ کس طرح نوکریاں دیں گے industrilization ہو گی تو اس سے ہزاروں نوجوانوں کو نوکریاں مل سکتی ہیں اس کے لیے آپ کو ایک peaceful ماحول پیدا کرنا ہو گا۔

جناب والا! بدقسمتی تو یہ ہے کہ صوبائی خود مختاری کی جب بھی بات ہوئی اسکو ہمیشہ پاکستان میں، غداری تو تعبیر میں نہیں کہونگا لیکن اچھے الفاظ سے کبھی یاد نہیں کیا گیا۔ مشرقی پاکستان نے جب شروع میں آواز اٹھائی تھی کہ ہمیں صوبائی خود مختاری دی جائے ہماری زبان کو بھی قومی زبان قرار دیا جائے تو اس وقت ہم نے اُن کے دونوں مطالبات رَد کر دیئے تھے اور جب ہم یہ مطالبات تسلیم کرنے کے قریب پہنچے تو وقت ہمارے ہاتھوں سے نکل چکا تھا آج خدارا جو بچا کھچا پاکستان ہے اور اللہ کرے یہ پاکستان ہمارا ہمیشہ قائم رہے ہماری یہ ہمیشہ دعا ہے تو اس کو بچانے کے لئے آپ ایسے اقدامات کریں جس سے کہ آپ کا وفاق مضبوط ہو اور آپکے صوبے مطمئن ہوں آپ کے لوگ مطمئن ہوں اس وقت صوبائی خود مختاری چاروں صوبے مانگ رہے ہیں آپ دیں انہیں صوبائی خود مختاری، زیادہ سے زیادہ صوبائی خود مختاری دیں

کوئی حرج نہیں اس میں، آپ ہی کے صوبے ہیں صوبے مضبوط ہونگے تو آپ کا وفاق مضبوط ہوگا آئین موجود ہے اور آپ نے تو خود فیصلے کیئے ہوئے ہیں اس سے انحراف کس طرح کیا جا سکتا ہے۔

اب تاریخی پس منظر میں تو میں نہیں جاؤں گا کیونکہ تلخیاں بہت ساری وجوہات کی بنا پر بڑھی ہیں ایوب خان کے زمانے میں ہماری زرخیز زمینیں سندھ کے تینوں بیراجوں میں سول ملازمین اور آرمی کے ریٹائرڈ لوگوں کے حوالے کی گئیں، اُن کو الاٹ کی گئیں جب کہ حق لوکل لوگوں کا بنتا ہے اسی طرح بلوچستان میں پٹ فیڈر کی وہ زرخیز زمینیں الاٹ کی گئیں۔ جب کہ وہ وہاں کے غریب بلوچوں کا حق بنتا ہے کہ وہ اس زمین پر کاشت کریں اور زندگی کے گزارنے کا بندوبست کریں۔ یہ ایسی چیزیں تھیں جس نے وفاق کو نقصان پہنچایا۔ اس سے کوئی پاکستان کی سالمیت مضبوط نہیں ہوئی اس سے نفرتیں بڑھی ہیں اور اگر یہی چیزیں آئندہ بھی چلتی رہیں گی تو اس سے ملک کو نقصان ہوگا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان سے ہمیں سبق حاصل کر کے اپنی پالیسیاں اُس روشنی میں بنانی چاہیئیں۔

73ء میں آئین بننے کے فوراً بعد آپ نے دیکھا کہ بلوچستان اور جے یو آئی کی مخلوط حکومت کو غیر آئینی طریقے سے ہٹایا گیا اُن کو بلوچستان کے لوگوں نے منتخب کیا تھا وہ چاہ رہے تھے کہ پاکستان کے فریم ورک میں اپنا کام کریں اور provincial autonomy کی demand اُس وقت بھی تھی آج بھی ان کی یہی demand ہے لیکن چونکہ وہ اس وقت وفاقی حکومت کو suit نہیں کرتی تھی لہذا وہاں کی حکومت ڈسمس کی گئی اور گورنر راج وہاں پہ لایا گیا جس کے نتیجے میں سرحد کی حکومت نے احتجاجاً resign کر دیا اور ایک تلخی ماحول میں پیدا ہوگئی۔ یہ غیر ضروری اقدام تھا۔ کوئی ضرورت اس چیز کی نہیں تھی وہی situation آج ہے اس وقت بھی دو صوبے وفاق کی حکومت کے مخالف تھے آج بھی دو صوبے وفاق کی حکومت کے مخالف ہیں لیکن ساری توانائیاں جو آج ہم دیکھ رہے ہیں وہ ایک دوسرے کے خلاف صرف ہو رہی ہیں وفاقی حکومت صوبوں کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ صوبے وفاقی حکومت کو کمزور کرنے کی باتیں کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ دونوں کا رویہ صحیح نہیں ہمیں working relationship قائم کرنی چاہیئے انتخابات میں جو بھی mandate ملتا ہے اس کو قبول کرنا چاہیئے، اگر ہم جمہوریت کی باتیں کرتے ہیں تو پھر یہ کڑوی گولی ہمیں نگلنی

[Mir Hazar Khan Bijarani]

پڑے گی لوگوں کے فیصلے کو قبول کرنا ہوگا لوگوں کی رائے ہماری رائے پر مقدم ہونی چاہیئے ہم کیوں یہ توقع کریں کہ جو ہم سوچ رہے ہیں جو کچھ ہمارے ذہن میں ہے وہی فیصلہ لوگ ہمیں کر کے دیں لوگوں کی سوچ لوگوں کی سمجھ ہم سے بہتر ہے اور جمہوریت کی یہی سپرٹ ہوتی ہے جو فیصلہ لوگ دے دیں اسے قبول کرنا چاہیئے اور اپنی term آپ پورا کریں اس کے بعد پھر جائیں آپ electorate کے پاس۔ ان سے آپ ووٹ لیں اگر وہ آپ سے مطمئن ہوں گے تو آپ کے حق میں ووٹ دیں گے اگر آپ سے مطمئن نہیں ہونگے تو کسی اور کو اقتدار میں لے آئیں گے اور یہ ان کا بنیادی حق ہے اسی کا نام جمہوریت ہے تو اس فضا کو قائم رکھیں یہ جو تلخیاں ہیں یہ جو polarisation ہے اس کو گھٹانے کی کوشش کی جانی چاہیئے اور ایک ایسا ماحول بنانا چاہیئے جس سے ملک میں ایک اچھی فضا قائم ہو۔

جناب والا! کچھ تجاویز بھی اس سلسلے میں دینا چاہوں گا کیونکہ صرف تنقید اور بات کرنے سے مسئلہ حل نہیں ہوتا اگر ان تجاویز پر غور کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ کسی حد تک ہمارے یہ موجودہ مسائل حل ہو سکتے ہیں اور موجودہ ماحول میں کچھ بہتری ہو سکتی ہے پہلی بات تو یہ کہ جو concurrent list ہے اس کے مطابق subjects کو فوری طور پر صوبوں کے حوالے کر دینا چاہیئے نہ صرف یہ بلکہ فیڈرل لسٹ کے بھی بیشتر موضوعات صوبوں کے حوالے کر دینا چاہیئے تاکہ ایم آر ڈی کا جو resolution تھا یا ایم آر ڈی کا اس وقت کا فیصلہ تھا اس پر کلی طور پر عمل کرنے سے پہلے کم از کم فضا ایک ایسی قائم کر دینی چاہیئے کہ جس سے صوبائی خودمختاری صوبوں کو منتقل کرنے میں آسانی ہو۔ دوسری بات سینیٹ کو financial powers ضرور دینی چاہیئے۔ کیونکہ یہ واحد ادارہ ہے جس میں چاروں صوبوں کی یکساں نمائندگی ہے اور اگر اس کو بے بس بنا کر بے پر بنا کر آپ بٹھا دیں گے تو اراکین کس طرح اپنے اپنے صوبے کی نمائندگی کر سکیں گے کس طرح اپنے اپنے صوبے کے حقوق کا تحفظ کر سکیں گے یہ ادارہ آخر کس طرح فعال طریقے سے کام کر سکے گا۔ اگر آپ ان کو اختیارات نہیں دیں گے۔ تیسری بات یہ کہ ہے جو صوبوں کے اندر مداخلت کی جا رہی ہے کبھی ایک نام سے کبھی کسی اور پروگرام کے نام سے۔ یہ فوری طور پر بند ہونی چاہیئے اور جو آئین میں طریقہ کار ہے جو اس لسٹ کے مطابق subjects ہیں اس حساب سے فراخدلی سے ایک good will کے جذبے کے تحت صوبوں کو کام کرنے دیا جانا چاہیئے اور اس قسم کے inroads صوبوں کے اندر نہیں ہونے چاہیئیں آرٹیکل 140

سے ۱۹۵۵ تک جو Council of Common Interests کے سلسلے میں ہیں ان پر کلی طور پر عمل ہونا چاہیئے اور فوری طور پر عمل ہونا چاہیئے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیرمین: ڈاکٹر شیر افگن صاحب معزز رکن کو سن لیں، پھر بعد میں جواب آپ کو دینا ہے میرے خیال میں بہتر ہے کہ آپ ان کو سن لیں کہ بجارانی صاحب کیا فرما رہے ہیں۔

میر ہزار خان بجارانی: دوسری یہ کہ National Economic Council and Nati onal Finance Commission کو مضبوط بنانا چاہیئے اور ان کو فعال بنانا چاہیئے کیونکہ یہ ادارے اگر آپ نے آئین میں دیے ہیں تو show piece بنانے کے لئے آپ نے نہیں دیئے ان کا بھی کچھ مقصد ہے ان کا بھی کوئی رول ہے۔ اگر وہ رول اپنا ادا نہیں کریں گے اپنا مقصد وہ پورا نہیں کریں گے تو پھر ان اداروں کو یہاں آئین میں رکھنے کی ضرورت کیا ہے ان کو آپ فعال بنائیں اور جو رول ان کے سپرد ہے وہ رول انہیں ادا کرنا چاہیئے سیلز ٹیکس جو صوبوں کا ہے تھا ہے اور ۱۹۴۷ میں جب پاکستان بنا تھا اس وقت بھی سیلز ٹیکس صوبوں کے حوالے تھا یہ عارضی طور پر ۱۹۴۸-۴۹ میں صوبوں سے لے کر وفاق کے حوالے کیا گیا تھا اس شرط پر کہ اس کا پچاس فیصد صوبوں کے حوالے کیا جائے گا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ سراسر زیادتی ہے یہ نہیں ہونا چاہیئے۔ سیلز ٹیکس خالصتاً صوبوں کے domain میں آتا ہے صوبوں کے دائرے میں آتا ہے وہ فوری طور پر صوبوں کو ٹرانسفر کر دینا چاہیئے۔ تاکہ ان کا جو tax-base ہے وہ مزید بڑھ سکے اور ان کی آمدنی میں اضافہ ہو اسی طرح سے اور وسائل جو صوبوں کے ہیں مختلف طریقوں سے جتنے بھی ہم بڑھا سکتے ہیں وہ ہمیں بڑھانے چاہئیں تاکہ ان کے مسائل حل کرنے میں انہیں زیادہ آسانی ہو سکے۔ سٹیٹ کارپوریشنز جتنی بھی اس وقت پاکستان میں موجود ہیں ان کو centralize نہیں کرنا چاہیئے بلکہ ان کو spread کر کے ان کے ہیڈ کوارٹرز کو مختلف صوبوں میں رکھنا چاہیئے تاکہ مختلف صوبوں کے لوگوں کو وہاں روزگار کے مواقع فراہم ہوں اور وہاں sense of participation ہو میں یہ کہوں گا کہ کچھ state corporations کے ہیڈ کوارٹرز کوئٹہ اور پشاور میں ہونے چاہئیں کیونکہ یہ دو ایسے شہر ہیں جہاں پر اس قسم کی activity بہت کم نظر آتی ہے اگر میرے خیال میں یہ

قدم اٹھایا جائے گا تو یہ ایک اچھی اور مثبت سوچ ہو گی اور اچھی بات ہو گی۔

جہاں تک زبان کا تعلق ہے جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی بہت ہی حساس مسئلہ ہے اور مختلف آوازیں چاروں صوبوں سے آتی ہیں، میں یہ تجویز پیش کروں گا ہماری جو صوبائی زبانیں ہیں ان کو ہماری قومی زبان کی سطح پر اہمیت دینی چاہیئے اور سکولوں میں ان کو ایک لیول تک لازمی قرار دینا چاہیئے تاکہ ہم ایک دوسرے کی زبان پڑھ سکیں لکھ سکیں۔ سمجھ سکیں اور اسی طرح ہمارا بھائی چارہ بڑھ سکے گا اور ہم ایک دوسرے کے قریب آسکیں گے ان کو بھی اگر آپ کا درجہ دیں گے تو میں سمجھتا ہوں یہ اور بھی اچھی بات ہو گی اس سے کسی زبان کے خلاف کوئی تاثر دینے کی میری نیت نہیں ہے بلکہ میں یہ چاہتا ہوں کہ جو زبانیں صوبوں میں بولی جاتی ہیں ان کو بھی فروغ حاصل ہو اور وہ بھی اسی طرح پورے ملک میں سمجھی پڑھی اور سمجھی جائیں جس طرح ہم قومی زبان اردو پڑھتے لکھتے اور سمجھتے ہیں۔

جتنے بھی outstanding loans اس وقت صوبوں کی طرف موجود ہیں وفاقی حکومت کے وہ فوری طور پر write off کر دیئے جائیں کیونکہ وہ اس پوزیشن میں نہیں کہ وفاق کو یہ loans واپس کر سکیں اور اگر وہ کرتے ہیں تو ان کی اپنی معیشت اپنے پاؤں پر کھڑی نہیں ہو سکتی۔ یہ پہلے بھی ہوا ہے۔ یہ کوئی نئی مثال نہیں ہو گی۔ پہلے بھی اس طرح سے یہ leans معاف ہوئے ہیں write off کیے گئے ہیں اور اس وقت میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ اچھی مثبت بات ہو گی اور اگر صوبوں کے جتنے outstanding loans ہیں ان کو write off کر دیا جائے تو ایک اچھا ماحول پیدا ہو گا اور سب سے آخری اور اہم بات کہ جتنے natural resources ہیں صوبوں کے ان پر صوبوں کا مکمل حق ہونا چاہیئے اور ان کی رائلٹی ہو۔ جس طرح گیس بلوچستان سے نکلتی ہے بلوچستان کو اس کی رائلٹی ضرور ملنی چاہیئے، سندھ سے آئل اور گیس نکل رہی ہے تو سندھ کو رائلٹی ملنی چاہیئے اسی طرح پاور جنریشن ہے اس میں فرنٹیئر کا حصہ ہے تو انہیں ملنا چاہیئے پنجاب کے جتنے وسائل ہیں اس پر حق بنتا ہے وہاں کے صوبے کا، وہ انہیں ملنا چاہیئے آپ صوبوں کے معاشی حالات کو اسی طرح بدل سکتے ہیں اور اسی طرح انہیں بہتر کیا سکتے ہیں میری یہ چند تجاویز تھیں جو میں آپ کے توسط سے اس ایوان میں پیش کرنا چاہتا تھا مزید میں آپ کا وقت

لینا نہیں چاہتا۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔ اس کے ساتھ ہی ایوان کی کارروائی ختم کرتے ہیں کیونکہ چیئرمین صاحب نے وہاں ایک دعوت کا بندوبست کیا ہے تو اس میں کچھ سینیٹرز حضرات مدعو ہیں اور مجھے بھی وہاں جانا ہے۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جناب مجھے بھی بات کرنی تھی اس کے اوپر۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جتوئی صاحب یہ بات تو چلتی رہے گی ابھی take out تو نہیں ہوئی ہے۔۔۔۔۔۔۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: ذرا ایک منٹ۔ میں یہ موشن move کرنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جتوئی صاحب فرمائیے، آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جناب میں یہ تحریک پیش کرنا چاہتا ہوں اس کو آپ کب تک continue کریں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کو next rota day پر continue کریں گے یعنی next private Members Day پر continue کریں گے۔

Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi: There will be a week from now.

جناب ڈپٹی چیئرمین: تو یہ تو مجبوری ہے پر دیکھیں گے اب کیا کریں۔

Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi: This is very important matter.

Mr. Deputy Chairman: I do realize that it is a very important matter.

جناب اعجاز علی خان جتوئی: ایک ڈیڑھ گھنٹہ بڑھالیں، آپ کا پینل موجود ہے آپ نے اگر جانا ہے تو پینل موجود ہے اس کارروائی کو چلنے دیں کیوں کہ یہ بڑا اہم معاملہ ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: پینل میں سے بھی اس وقت کوئی نہیں ہے سب وہاں مدعو ہیں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: نہیں جناب میر صاحب پینل میں ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: لیڈر آف دی ہاؤس سے مشورہ کر لیں اگر وہ کہتے ہیں تو ٹھیک ہے

جناب اعجاز علی خان جتوئی: کسی کو اس میں اعتراض نہیں ہونا چاہیئے۔ یہ بڑا اہم معاملہ ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جتوئی صاحب! یہ ایک ڈیڑھ گھنٹے میں اس لیے ختم نہیں ہو گا کہ اس پر بہت سے معزز اراکین بولیں گے۔

پروفیسر خورشید احمد: آپ، مناسب سمجھیں تو حکومتی پارٹی اور حزب اختلاف کے مشورے سے یہ طے کر لیں کہ ہم اس بحث کو آئندہ عام دن جاری رکھیں ہم نے اس سے پہلے بھی ایسا کیا ہے اور اس طرح مسئلہ حل ہو جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے جی یہ بڑی اچھی تجویز ہے۔ ڈاکٹر صاحب، پروفیسر صاحب اگلے ورکنگ ڈے پر آپ بھی اپوزیشن کو accomodate کریں کوئی فرق نہیں پڑتا۔

جناب جاوید جبار: اگلے دن پر یہ رکھیں ...

جناب ڈپٹی چیئرمین: اگر continue کریں تو ٹھیک ہے۔

Mr. Javed Jabbar: I think after the normal business of the day is over.

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ normal business بھی رہے گا اور اس میں بھی ان کو adress کر لیں گے۔

Mr. Javed Jabbar: At the end of the day if they want to take we would not have any objection.

جناب ڈپٹی چیئرمین: تو اس میں کیا قباحت ہے ......

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: آدھا گھنٹہ لے لیا کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں ڈاکٹر صاحب یہ آدھا گھنٹہ اور پندرہ منٹ تو آپ بھی باتوں لگا جاتے ہیں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: اگر آپ نہیں لانا چاہتے ہیں تو دوسری بات ہے ......

Mr. Deputy Chairman: Jatoi Sahib, please, no cross talk.

جناب جاوید جبار: آپ جو مناسب سمجھیں وہ کر دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ٹھیک ہے جی اس کو next working day پر لے لیتے ہیں دو گھنٹے اس پر بحث کر لیں گے آپ آپس میں وقت کو تقسیم کر لیں۔

Mr. Deputy Chairman: The House is adjourned now to meet again on Wednesday at 10.00 A.M. i.e., 20th of September, 1989.

Mian Alam Ali Laleka: Point of order Sir. There was a circular that the House would not meet on the 20th.

Mr. Deputy Chairman: Who did settle that?

(interruptions)

Mr. Javed Jabbar: Originally in the list of days set aside for business Monday was not supposed to be used for a sitting but because it has now been used as Private Member's Day, we have adjusted the schedule. So, if any inconvenience has been cuased it is regreted but it has been done with the knowledge and consent of the Chairman. So, now there will be a sitting on Wednesday.

Mr. Deputy Chairman: Yes that is what I have said. We will meet on Wednesday at 10.00 A.M.

(The House adjourned to meet again at ten of the clock in the morning on Wednesday, the 20th September, 1989).

[illegible]

Mr. Deputy Chairman: [illegible] House [illegible] meet [illegible] 10.30 A.M. [illegible]

Mian [illegible] Ali [illegible] [illegible] on [illegible]

Mr. Deputy Chairman: [illegible]

Mr. Javed Jabbar: [illegible] of the list of business [illegible] Monday was not supposed to be used for [illegible] because it has not been used [illegible] we have [illegible] included [illegible] has been [illegible] has been done [illegible] will [illegible] sitting on Wednesday.

Mr. Deputy Chairman: [illegible] that is [illegible] will meet on Wednesday at [illegible] A.M.

The [illegible] adjourned to meet [illegible] of the clock [illegible] on Wednesday the [illegible]